شری گروگرنتھ صاحب

مسلمانوں کے لیے ہدایات

سکھ مت
10
د

نانک سنگھ نشتر

د

شری گرو گرنتھ صاحب

(عالم انسانیت کا دھرم گرنتھ)

میں

مسلمانوں کے لیے ہدایات

ایک سہ لسانی پیشکش

(گربانی اردو رسم الخط کے ساتھ اردو اور انگریزی میں تشریح)

RAMPUR RAZA LIBRARY
53146
5/6/07

از

نانک سنگھ نشتر

ایم۔اے (عثمانیہ)

انٹرنیشنل سکھ سنٹر فار انٹر فیتھ ریلیشنس

'سنت بھون' 15-3-137 گولی گوڑہ چمن، حیدرآباد - 500012 - انڈیا

E-mail : nanaknishter@hotmail.com

اس کتاب کی اشاعت میں جزوی اعانت کے لیے
ہم آندھرا پردیش اردو اکیڈیمی کے مشکور ہیں

اردو ٹائیٹل کور	:	ایک لڑکی شری گرو گرنتھ صاحب پڑھتے ہوئے
انگریزی ٹائیٹل کور	:	ایک لڑکا شری گرو گرنتھ صاحب پڑھتے ہوئے
پہلا ایڈیشن	:	1000 جلدیں ۔ سال ۲۰۰۷ء
ہدیہ	:	100 روپے
کمپیوٹر کتابت	:	SAM کمپیوٹرس، روبرو عشرت محل، مغل پورہ، حیدرآباد۔ انڈیا

فون: 6671 3027 ، موبائیل: 09246 54 3027
E-mail : samurdu@yahoo.com

ملنے کا پتہ

۱۔ انٹرنیشنل سکھ سنٹر فار انٹر فیتھ ریلیشنس
(گرونانک دیو ایجوکیشنل ٹرسٹ کا ایک پراجکٹ)
'سنت بھون' 137-3-15 ۔ گولی گوڑہ چمن، حیدرآباد۔ 500012 ۔ انڈیا
E-mail : nanaknishter@hotmail.com
موبائیل: 0 98 48 35 31 05

۲۔ بھائی چتر سنگھ اینڈ کمپنی
ناشر و کتب فروش
1687 ۔ کوچہ جاٹ مل ۔ دریبہ کلاں، چاندنی چوک ۔ دہلی ۔ 110006
فون: 011 - 23 25 36 01
011 - 23 26 78 71
موبائیل: 0 98 11 49 11 11

فہرست

☆

اس مصنف کی کچھ اور پیشکش

۱۔ سفید لہو (مجموعہ کلام) اردو

۲۔ شری گروگرنتھ صاحب۔کونی آنی متیالو تلگو

۳۔ شری گروگرنتھ صاحب۔ نیودک ابھنگ وانی (زیر طباعت) مراٹھی

۴۔ سکھس ان پریزنٹ کانٹسٹ (دستیاب نہیں ہے) انگریزی

۵۔ سیلیکشن فرم گروگرنتھ صاحب انگریزی

۶۔ سکھس۔ چیلنجس اینڈ سولیوشنس (زیرِ طباعت) انگریزی

۷۔ سکھ مسلم ریلیشنس (زیر ترتیب) انگریزی

☆

سید حامد آئی اے ایس (ریٹائرڈ)
چانسلر۔ ہمدرد یونیورسٹی
سابق وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی، علیگڑھ
سابق سکریٹری امور داخلہ۔ حکومت ہند

تعلیم آباد
سنگم وہار
نئی دہلی-110062
۱۰/ستمبر ۲۰۰۶ء

پیش لفظ

سردار نانک سنگھ نشتر کی زیر نظر کتاب 'شری گرو گرنتھ صاحب میں مسلمانوں کے لیے ہدایات' کئی زاویوں سے توجہ اور انہماک کی مستحق ہے۔ ایسا شاید کم ہوا ہو کہ کسی ایک مذہب کے ماننے والے نے کسی دوسرے مذہب کے پیروؤں سے کہا ہو کہ ہمارے صحیفہ میں تمہارے لیے غور وفکر کا سامان ہے۔ فاضل مصنف نے ایسا اپنے مذہب کی تبلیغ کے لیے نہیں کیا ہے۔ اسے احساس ہے کہ دنیا کے بڑے بڑے ادیان اخلاق کی تعلیم دیتے ہیں، وہ انسانوں کو سیدھے راستہ پر چلاتے ہیں، بھلمنساہت سکھاتے ہیں، برائیوں سے روکتے ہیں۔ مصنف کی نگاہ اس بات پر بھی جمی ہے کہ سکھ مذہب اور اسلام کے درمیان مشابہتیں بہت ہیں۔ دونوں کا محور توحید ہے۔

کتاب کے ''تعارف'' میں سردار نانک سنگھ نشتر نے کہا کہ ''شری گرو گرنتھ صاحب'' کو موجودہ گرو (مرشد) کے طور پر احترام کے لیے سجدہ کیا جاتا ہے اور سامنے مختلف ہتھیار رکھے جاتے ہیں۔ دنیا کے کسی بھی مذہب میں ہتھیار کا کوئی مقام نہیں ہے۔ ...... سکھ اور ہتھیار ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم ہیں اور جدا نہیں کئے جاسکتے''۔ ہتھیاروں کی پرستش سے اختلاف رائے ہوسکتا ہے۔ لیکن عبادت میں ہتھیاروں کی شرکت جس مصلحت پر مبنی ہے اسے تسلیم کرنا پڑے گا۔ قوموں کے ارتقاء کا تذکرہ کرتے ہوئے علامہ اقبال نے کہا ہے:

آتجھ کو بتادوں میں تقدیر امم کیا ہے ☆ شمشیر وسناں اول، طاؤس ورباب آخر

دور انحطاط اور طاؤس و رباب سے قوم کو محفوظ رکھنے کے لیے سکھ مذہب کے محترم

گردوں نے ہتھیار برداری کو عبادت میں داخل کر دیا ہے۔ مصنف کہتا ہے کہ ''سکھ ازم، طاقت اور عبادت کا ایک خوبصورت امتزاج ہے''۔۔

مصنف کے اس قول سے کسے اختلاف ہوگا کہ کسی قوم کی حقیقت کو سمجھنا چاہتے ہو تو اس کی مذہبی کتاب کا مطالعہ کرو اس کے متعلق تاریخ کی کتابوں میں جو کچھ لکھا گیا ہے اس پر نہ جاؤ، مسلمانوں کو بھی تاریخ اور مذہب کے غلط مبحث سے سروکار رہا ہے۔ مورخوں نے، جن کا گوشۂ خاطر مسلمانوں کی طرف نہیں تھا اور جو ماضی کی عداوت اور مبارزت کے زخموں کو چاٹتے رہے، یہ فتنہ برپا کیا کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلا ہے۔ حالانکہ سارے شواہد اس بات کے موجود ہیں کہ اسلام مساوات اور اخوت اور توحید اور امن پسندی اور غربا پروری کے سایہ میں پروان چڑھا۔ مورخوں کا یہ ستم ہی کیا کم تھا کہ بیسویں صدی عیسوی کے اواخر اور اکیسویں صدی کے اوایل میں میڈیا نے جو قبضہ فرنگ میں ہے اور جس کی پرچھائیں ہندوستانی میڈیا پر برابر پڑتی رہتی ہے، تاریخی دروغ کے برتہ پر ایک نیا اتہام تراشا کہ اِسلام دہشت گردی کو فروغ دیتا ہے۔ افترا پردازوں نے اتنی زحمت بھی گوارا نہیں کی کہ اسلام کے منابع، قرآن اور سنت، کی ورق گردانی کرتے اور حقیقت تک پہنچتے۔ مغربی طاقتوں نے کچھ پرانی عداوت اور کچھ نئی طمع (زر سیال کے ذخایر پر قبضہ کرنے کی خواہش) کے تحت دہشت گردی کی حکایت کو بہت بڑھاوا دیا اور اسے اس قدر دوہرایا کہ بے اٹکل دنیا اسے صحیح سمجھنے لگی۔ ماضی میں تواریخ اور حال میں میڈیا نے دروغ بافی اور بہتان تراشی سے کہرام مچا دیا ہے۔ ہمارے کان جھوٹ سننے اور ہمارے ذہن اسے باور کرنے کے عادی ہو گئے ہیں۔۔

خلعت قبول عام کی پا جاتا ہے دروغ ☆ ہوتا ہے نشر جب متواتر ہنر کے ساتھ

گویا توحید اور انسانیت کے علاوہ مسلمانوں اور سکھوں میں ایک مماثلت یہ بھی ہے کہ دونوں کو ایک سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت تشدد سے متہم کیا گیا ہے۔۔

فاضل مصنف کے فرمودات سے یہ راز بھی کھلتا ہے کہ سکھوں کو اپنے تشخص کی حفاظت کی بڑی فکر ہے۔ یہ فکر ایک دوسرے عنوان سے مسلمانوں کو بھی ہے'' تابوت میں آخری کیل ٹھونکنے کا کام کیا آزاد ہندوستان کے اکثریتی ہندوؤں کے حکمراں طبقہ نے ملک کے دستور میں سکھوں کو ہندوؤں کے طور پر پیش کر کے''۔

مصنف نے اس لشکر کشی کی دردانگیز داستاں کو دوہرایا ہے جسے آپریشن بلیو اسٹار کا نام دیا گیا۔اس کے زخم ابھی تک بھرے نہیں بلکہ بعد کے واقعات نے انہیں اور گہرا کردیا۔اس کتاب کی تصنیف کے مقاصد میں سے خود مصنف کے بقول ایک اہم مقصد سکھوں کی ''علحدہ شناخت کی برقراری'' ہے۔

جس دکھتی رگ کو مصنف نے چھیڑا ہے وہ دراصل اقلیتوں اور ان کے تشخص کی بقاء سے تعلق رکھتی ہے۔اقلیتیں کہیں بھی ہوں، ایک عنوان اکثریت کے محاصرہ میں رہتی ہیں۔ان کے اندر اگر تنظیم ہے اور اگر انہیں صالح ، دور اندیش، مخلص اور دانشمند قیادت میسر ہے تو وہ اپنی قوم اور اس کے تشخص کی بقا کا سروسامان اس طرح کرسکتی ہیں کہ وہ ملک کی ہمہ جہت پیشرفت اور اس کے اندر امن وامان اور اتحاد سے نہ ٹکرائے ۔ ملک کی ترقی کے ساتھ خود بھی ترقی کرتی رہے۔لیکن اگر یہ قیادتِ ٹکاؤ نہیں بکاؤ ہوگی تو انتشار کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آئے گا۔

نشتر صاحب کی کتاب سے یہ نتیجہ ضرور نکلتا ہے کہ اقلیتوں کو اپنے مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے مل بیٹھنا چاہئے لیکن اقلیتوں کے باہمی اتحاد کا یہ مفہوم کبھی نہیں ہوگا کہ وہ اکثریت کے خلاف صف آراء ہوجائیں۔ ملک کے مفاد اور اس کی ترقی کی پاسباں اقلیتیں اسی طرح ہوتی ہیں جس طرح اکثریت بلکہ اس سے بھی زیادہ۔

سردار نانک سنگھ نشتر نے اپنی کتاب کے ساڑھے چار تعارفی صفحات کو اہم اور پر مغز

مطالب سے بھر دیا ہے جو چلاّ چلاّ کر قاری کی توجہ کو طلب کر رہے ہیں۔ کتاب کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ شری گرو گرنتھ صاحب کے ارشادات صفحہ میں ایک طرف درجہ ہیں اور ان کے مقابلہ میں درج ہیں انگریزی اور اردو میں ان کے تراجم جو خوبصورتی کے ساتھ کئے گئے ہیں۔ سنئے:

"قاضی وہی ہے جس نے اپنی خودی کا غرور چھوڑ دیا ہو اور اللہ تعالیٰ کے ایک نام پر ہی بھروسہ رکھا ہو۔ سچا خالق ہمیشہ رہنے والا ہے، جو نہ کبھی پیدا ہوا اور نہ ہی کبھی فنا ہونے والا ہے"۔

"رحم دلی کو مسجد بناؤ اور صدق دلی کو مصلیٰ۔ حق اور حلال کی روٹی کو قرآن بناؤ۔ ایمانداری کی محنت کا جتن کرو اور نیک اعمال کا روزہ رکھو۔ اس طرح سچا مسلمان ہو، نیک اعمال کو کعبہ سمجھو اور سچ کو اپنا پیر مانو اور نیک اعمال کو اپنا کلمہ اور نماز بناؤ۔ نانک کہہ رہے ہیں کہ جو اعمال اس کو (خدا کو) پسند ہوں اس کو تسبیح سمجھو۔ تب وہ تمہاری آبرو کو اپنی حفاظت میں رکھے گا"۔

یہ کتاب 'انٹرنیشنل سکھ سنٹر فار انٹر فیتھ ریلیشن' کے زیرِ اہتمام طبع ہوئی ہے۔ اس کا ایک مقصد فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضا پیدا کرنا ہے۔ سکھ مسلک کے محترم مرشدوں کا مقصد تھا کہ انسانیت اور حسن اخلاق کو عام کریں۔ مختلف مذاہب کے ماننے والوں کو اپنے اپنے مذہب کی تعلیم پر صدق دل سے عمل کرنے کی ترغیب دیں۔ مذہب کو رسم و رواج میں تبدیل نہ ہونے دیں۔ ظاہر داری، ریاکاری اور منافقت سے انسانوں کو دور رکھیں۔ سچائی اور رحم دلی کو فروغ دیں۔ زبانی جمع خرچ کا فریب نہ کھائیں، عمل کر کے دکھائیں۔ سردار نانک سنگھ نشتر نے اس کتاب کے ذریعہ، جو حسن انتخاب کی مظہر ہے، نہ صرف سکھوں کے مسلک کو آئینہ دکھایا ہے بلکہ یہ بھی ثابت کر دیا ہے کہ اہل دل کا مسلک خواہ وہ کسی مذہب کے ماننے والے ہوں انسان دوستی اور تہذیب اخلاق و اطوار ہے۔۔

سید حامد

ڈاکٹر جودھ سنگھ

پروفیسر آف سکھ ازم

ایڈیٹر ان چیف ۔ انسائیکلو پیڈیا آف سکھ ازم

پنجابی یونیورسٹی

پٹیالہ ۔ پنجاب

۱۴/ستمبر ۲۰۰۶ء

پیغام

شری گرو گرنتھ صاحب ایک انوکھی تخلیق ہے کیوں کہ یہ ایک واحد مقدس کتاب ہے جو انسانیت کے مختلف شعبہ حیات سے تعلق رکھنے والے سنت ، صوفی ، گرو اور بھگتوں کی نمائندگی کرتی ہے ۔ جیسے کہ ہم سب جانتے ہیں کہ شری گرو نانک صاحب جی نے پنجاب کے باہر مختلف سمتوں میں سفر کیا چونکہ خود صداقت کے علمبردار اور صداقت کی زندگی گزارتے تھے جہاں بھی وہ جاتے صداقت کی آوازیں اکٹھی کرتے چاہے وہ کسی ذات پات ، رنگ و نسل اور جغرافیائی مقامات کے روحانی شخصیتوں کی ہوں ۔ اپنے مرید لہنا جو بعد میں دوسرے نانک شری گرو انگد صاحب کہلائے ان کو صداقت کی آوازوں حوالہ کیں ۔ جنہوں نے شری گرو نانک صاحب کے اس مشن کو چلاتے ہوئے تیسرے گرو شری گرو امرداس جی کو فرائض اور ذمہ داری سونپی ۔ اسی طرح سکھ ازم طول اور عرض میں پھیل گیا اور گرو صاحبین کے پاس کلام کا ذخیرہ کافی بڑھ گیا اور

بانی (کلام) سکھ ازم کے پیروکاروں کے لیے رہنمائی کا وسیلہ بن گیا۔ جو بلا جھجک ہندوؤں، مسلمانوں اور دوسروں کو اپنے حلقہ میں سمیٹنے کا موجب بنا۔۔

پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب نے شری گرو گرنتھ صاحب مرتب کیا۔ جس میں گروؤں کے علاوہ بھگتوں اور ممتاز صوفیوں جیسے شیخ فرید اور شیخ بھیکن وغیرہ کے مقدس کلام کو اس میں شامل کیا۔ شری گرو گرنتھ صاحب ایک ایسا ضخیم ذخیرہ ہے جو ہندوستان کے پانچ صدیوں (بارہویں سے ستارویں صدی تک) کے روحانی اور تہذیبی اقدار کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ ایک ایسا کارنامہ ہے جس نے ہندوستانی عوام کو متحد کرنے اور ہندوستانی معاشرہ کے اونچی ذات کے طبقہ کے جبر واستبداد کے خلاف صف آراء ہونے اور مقابلہ کرنے کے لیے کمر بستہ کیا اور دوسری طرف عوام کو تیار کیا کہ وہ مغربی سمت سے آنے والے بیرونی حملہ آور لٹیروں کا منہ توڑ جواب دے سکیں۔

شری گرو نانک صاحب جی اور دوسرے گرو صاحبین نے چند نہایت ہی اہم اداروں کی داغ بیل ڈالی جو سکھ ازم کے وجود میں آنے سے پہلے ہندوستانی عوام کو میسر نہیں تھے۔ شری گرو نانک صاحب نے عوام کو ذہن نشین کروایا کہ انفرادی طور پر عبادت کرنے کے بجائے اجتماعی طور پر عبادت کریں جس سے ان میں حوصلہ، طاقت اور آپسی اپنے پن کے احساسات فروغ پائیں۔ لنگر کا ادارہ بھی انعقاد عمل میں لایا تاکہ عوام ایک دوسرے سے قریب تر ہو سکیں۔ ان اداروں سے سیوا (خدمت) اور کیرتن (سماع) کے ادارے وجود میں آئے جس سے عوام میں انکساری اور خودداری پیدا ہو اور ایک دوسرے سے مساوات کا جذبہ اور اطوار میں ترقی ہو۔۔

شری گرو گرنتھ صاحب کے کلام نے عوام کو انسانی عظمت سے روشناس کروایا۔ شری گرو گرنتھ صاحب کے مطابق اگر روحانیت ہمیں اپنی عزت اور آبرو کی حفاظت میں مددگار نہیں ہوسکتی۔ تب اس کا کیا مصرف ہے؟ عزت اور آبرو کی حفاظت کے لیے پہلے ہمیں روحانی اور سیکولر معاملات میں صداقت پسند بننا پڑے گا۔ شری گرو گرنتھ صاحب عوام کو مزید احساس دلاتا ہے کہ شبد (کلام) کی حقیقت کو سمجھیں۔ شری گرو گرنتھ صاحب نے عوام کو علم کے ایک نئے عقیدے سے متعارف کروایا کہ محض کتابوں اور دیگر علمی ذرائع سے معلومات حاصل کرنا، علم نہیں کہلایا جاسکتا۔ اس قسم کی تعلیم عوام کو زیادہ سے زیادہ معلومات فراہم کرسکتی ہے جو دماغ میں غرور اور تکبر کے خیالات پیدا کرنے کا موجب بنتی ہے۔ اس کے برخلاف حقیقی علم انسان کے دماغ کو عظیم ترین حقیقت (اللہ تعالی) کے عجائبات، انکشافات اور اپنے اطراف اس کی لامحدود تخلیقات سے روشناس کراتا ہے جسکا تذکرہ ''جپ جی'' میں علم کا پڑاو (گیان کھنڈ) کے عنوان سے کیا گیا ہے۔

شری گرو گرنتھ صاحب ایک ایسی مقدس تصنیف ہے جو ایسے انسانی شخصیت کی تشکیل کرتی ہے جو روحانی اور دنیاوی ہر انسانی مسائل کو حل کرسکے۔ شری گرو گرنتھ صاحب میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ اگر کوئی براہمن ہے تو اسے صحیح معنوں میں براہمن ہونا چاہئے اور اگر کوئی مسلمان ہو تو اسے حقیقی معنوں میں مسلمان ہونا چاہئے۔ شری گرو گرنتھ صاحب میں تیسرے گرو شری گرو امرداس جی کے بموجب سارے مذاہب مساوی طور پر اس بات کی اہلیت رکھتے ہیں کہ کس طرح انسانیت کو برائیوں سے نجات دلائیں۔ بشرطیکہ کوئی اپنے مذہب کی سچی پیروی کرے۔ یوگیوں کو بھی کہا گیا ہے کہ وہ دکھاوے کے ڈھونگ چھوڑ کر حقیقی یوگی بنیں۔۔

سردار نانک سنگھ نشتر کی یہ کتاب ایک بیش بہا اثاثہ ہے کیوں کہ اس میں مسلم بھائیوں کے سامنے گرو صاحبین کے ہدایات کے ان پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا جن کا تعلق اسلام کی حقیقی تعلیمات سے ہے۔ انہوں نے اسلامی عقائد سے متعلق گربانی کو اردو رسم الخط میں تحریر کیا ہے اور اس کی تشریح بھی کی ہے۔ انگریزی متن کا میں نے مطالعہ کیا ہے اور اردو تشریح کو میرے ساتھی ڈاکٹر محمد حبیب نے پڑھ کر سنایا ہے۔ میں مکمل طور پر مطمئن ہوں کہ سردار نانک سنگھ نشتر نے شری گروگرنتھ صاحب میں شامل اسلامی نظریات کے تعلق سے نئی راہیں کھول دی ہیں۔ اس کتاب کو اردو پڑھنے والوں کے لیے سفارش کرتے ہوئے مجھے بے حد مسرت ہو رہی ہے کہ وہ بذات خود ملاحظہ فرمائیں کہ شری گروگرنتھ صاحب میں ان کے مذہب کے عقیدے اور اقدار کے بارے میں گرو صاحبین کے کیا خیالات ہیں۔

میں انٹرنیشنل سکھ سنٹر فار انٹر فیتھ ریلیشن کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے اس مقدس مقصد کے کتاب کی چھپوائی کی ذمہ داری نبھائی جو دونوں مذاہب کو ایک دوسرے سے قریب لانے میں معاون و مددگار ثابت ہوگی۔

جودھ سنگھ

تعارف

میں نے اس مجموعہ میں شری گروگرنتھ صاحب میں سے مسلمانوں کے لیے اسلامی تعلیمات اور ہدایات کے کچھ ایسے نمونے پیش کرنے کی کوشش کی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ صرف مسلمان بزرگ ہی نہیں بلکہ سکھ گرو صاحبین اور دیگر مذاہب کے بزرگ بھی اسلامی عقیدہ کا احترام کرتے تھے اور مسلمان عقیدت مندوں کو اپنی طرز کی تعلیمات کے بجائے اسلامی عقیدوں اور مذہبی کتب کے عین مطابق چلنے کی تلقین کیا کرتے تھے۔ اسی طرح ہندوؤں کو بھی ہندوؤں کے اپنے عقیدے اور مذہبی کتب کے مطابق زندگی گزارنے کی تاکید کیا کرتے تھے۔ اس طرح شری گروگرنتھ صاحب سارے عالم انسانیت کا ایک مقدس دھرم گرنتھ ہے جس میں مسلمان کو اچھا مسلمان اور ہندو کو اچھا ہندو بننے کی ہدایات دی گئیں ہیں اور سکھوں کو جنس، زبان، ذات، پات، علاقہ اور نسل کے بھید بھاؤ سے اونچا اٹھ کر ایک سچا سیکولر، روحانی اور خدا پرست مکمل انسان بننے کی ہدایات دی گئیں ہیں۔

شری گروگرنتھ صاحب کے لفظی معنی ہیں ''شری'' یعنی احترام کے لیے کسی بھی نام سے پہلے تخاطب۔ ''گرو'' یعنی مرشد جس سے مرتبہ کا اظہار ہوتا ہے۔ ''گرنتھ'' یعنی کتاب۔ ''صاحب'' مزید احترام کے لیے نام کے بعد۔ یہ مرتبہ ۱۷۰۸ء میں دسویں گرو شری گروگوبند سنگھ جی نے اپنے جانشین کے طور پر پہلے گرو شری گرونانک دیو جی کے سلسلہ گرویائی کو تاقیامت

جاری رکھنے کے لیے منتقل کیا۔ سکھوں کی عبادت گاہ کو "گردوارہ" کہتے ہیں۔ جس کے معنی ہیں گرو تک پہنچنے کا دوارہ (دروازہ)۔ گردواروں میں شری گرو گرنتھ صاحب کو اونچے مقام پر بہ صد احترام کھول کر رکھا جاتا ہے۔ اور قیمتی کپڑوں سے ڈھانک دیا جاتا ہے۔ اس عمل کو "پرکاش" یعنی روشن کرنا کہا جاتا ہے۔ جس سے سکھ روحانی روشنی حاصل کریں۔ ہر مذہب و ملت کے ماننے والے خواتین و حضرات کو داخلہ کی مکمل آزادی ہے۔ حتی کہ ایام حیض میں بھی کسی بھی مذہبی امور سے ممانعت نہیں ہے کیوں کہ یہ ایک قدرتی عمل ہے جس میں کوئی ناپاکی یا گناہ کا دخل نہیں ہے۔ عورت کے عظمت کے بارے میں کہا گیا ہے کہ "اسے بُری یا ناپاک کیسے کہہ سکتے ہیں جو پیغمبروں اور بادشاہوں کو جنم دیتی ہے"۔ گردوارے میں کوئی پوجا نہیں کی جاتی۔ صرف گربانی پڑھی اور گائی جاتی ہے۔ کوئی مورتی یا تصویر نہیں رکھی جاتی۔ شری گرو گرنتھ صاحب کو موجودہ گرو (مرشد) کے طور پر احترام کے لیے سجدہ کیا جاتا ہے اور سامنے مختلف ہتھیار رکھے جاتے ہیں۔ دنیا کے کسی بھی مذہب میں ہتھیار کا کوئی مقام نہیں ہے۔ لیکن کرپان (ایک ہتھیار) ساتھ رکھے بغیر کوئی بھی شخص سکھ کہلانے کا مستحق نہیں ہے اور نہ ہی اس کی عبادت مکمل ہوتی ہے۔ سکھ اور ہتھیار ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہیں اور جدا نہیں کیے جاسکتے۔ شری گرو گوبند سنگھ جی کا فرمان تھا کہ "کوئی سکھ بغیر ہتھیار کے ان کے سامنے نہ آئے"۔

سکھ ازم، طاقت اور عبادت کا ایک خوبصورت امتزاج ہے۔ شری گرو نانک صاحب جی نے بذات خود اس ذہنی اور نفسیاتی فلسفہ کی بنیاد رکھی تھی۔ یہ کہنا کہ بعد میں ان کے جانشین گروؤں نے ان کے بتائے ہوئے راستہ عبادت سے منحرف ہوتے ہوئے طاقت کے استعمال کو ترجیح دی جہالت اور حماقت پر مبنی شر پسندی ہے۔ کسی بھی قوم کی حقیقت جاننے کے لیے تاریخ کی نہیں بلکہ اس کے منبع مذہبی کتاب کے ہدایات اور شواہد کی بنیادیں اور ان کا موجودہ رویہ جاننا

ضروری ہے۔ جو ایک نا قابل تردید حقیقت ہوتی ہے۔ تواریخ چاہے وہ گذشتہ زمانے کے ہوں یا موجودہ زمانے کے، ہمیشہ حکمرانوں کی ایماء پر یا خوشنودی حاصل کرنے کے لیے لکھی جاتی رہی ہیں۔ جن کا عام طور پر واقعات کی صحت سے بہت کم تعلق رہتا ہے۔ حقیقت پر مبنی تاریخ جس کسی نے بھی لکھی حکمرانوں کے عتاب کا شکار بنے اور ایسی تواریخ تلف کردی گئیں۔ چنانچہ سکھوں کے ساتھ بھی یہی کچھ ہوتا رہا ہے۔ سکھوں کو مخالف اسلام اور مسلم دشمن رنگ دینے میں ہندوؤں نے اپنا حلیف بنا کر اور مسلمانوں نے اپنا حریف بنا کر پیش کرنے میں بڑی فیاضی سے کام لیا۔ حتی کہ بیشتر سے زیادہ ہندو قلمکاروں نے سکھوں کو ہندو اور ہندوؤں کا ہی ایک طبقہ بنانے میں پورا زور قلم صرف کردیا۔ تابوت میں آخری کیل ٹھونکنے کا کام کیا آزاد ہندوستان کے اکثریتی ہندوؤں کے حکمران طبقہ نے ملک کے دستور میں سکھوں کو ہندوؤں کے طور پر پیش کر کے۔

ایسا نہیں ہوا کہ سکھوں نے سرکار اور سماج کے نقار خانہ میں اپنی ان سنی کی جانی والی طوطی کی آواز نہ اٹھائی ہو۔ تاریخ کے ہر دور میں سکھوں نے اپنی علحدہ شناخت کی برقراری کے لیے احتجاج کیا، تحریر اور تقریر کے ذریعہ مہم میں جٹے رہے اور نا قابل یقین تکالیف برداشت کیں اور مسلسل عظیم قربانیاں دیتے رہے۔ حالیہ عرصے میں اسی کوشش کو سیاسی اور باغیانہ نام اور ملک سے علحدگی پسند تحریک خالصتان کا نام دے کر سکھوں کے اہم ترین اجتماع شری گرو ارجن صاحب کے یوم شہادت پر جب کسی گردوارے میں تل دھرنے جگہ نہیں رہتی مقدس ترین عبادت گاہ گولڈن ٹمپل (ہری مندر صاحب) امرتسر اور دیگر ۴۲ گردواروں پر فوج کشی کے ذریعہ وحشیانہ لوٹ، مار اور ہزاروں سکھوں کا قتل عام کیا گیا۔ صرف اسی پر اکتفا نہ کرتے ہوئے ہندوستان ہی نہیں بلکہ دنیا تمام میں اپنی شناخت کی بقاء کی آواز اٹھانے والوں کو بنیاد پرست کا نام دے کر جڑ سے صفایا کرنے کی بھر پور کوشش اور قوم دشمن چاپلوسوں کو ماڈریٹ سکھ کے نام

سے سرپرستی کرتے ہوئے قوم کو دو پھاڑ کرنے کی انتھک کوششیں کی گئیں۔ اپنی علحدہ شناخت کے برقراری کے لیے میری یہ پیش کش "شری گرو گرنتھ صاحب میں مسلمانوں کے لیے ہدایات" اپنے طور کی ایک مصدقہ دستاویزی کڑی ہے جسے کسی بھی قیمت پر جھٹلایا نہیں جاسکتا۔۔

سکھ کا کسی مذہب سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ وہ انسانیت میں ایقان رکھنے والا بین المذہبی 'سبحان اللہ کا آزاد بندہ' (واہگرو جی کا خالصہ) ہے۔ اس لیے سکھ کبھی مذہبی متعصب ہو ہی نہیں سکتا۔ شری گرو گرنتھ صاحب میں جن مسلمان، اچھوت اور ہندو جاتیوں کے بزرگوں کو گذشتہ چار سو سالوں سے سجدہ کرنے والا اور ان کی ہدایات کو گربانی سمجھ کر احترام کرنے اور عمل پیرا ہونے والے کے ذہن میں کسی مخصوص مذہب سے قربت یا دوری اور الفت یا نفرت نا قابل یقین ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گذشتہ سوا پانچ سو سال کی تاریخ میں سکھ کبھی فرقہ وارانہ دنگوں کے فریق نہیں بنے سوائے ملک کے تقسیم کے بدبخت فرقہ وارانہ دنگوں کے ماحول میں جذبات میں بہہ گئے۔ لیکن اس سے پہلے یا بعد میں حتیٰ کہ ۱۹۸۴ء کے سکھوں کے نسل کشی کے بعد بھی کبھی کسی مذہب کے ماننے والوں کے تعلق سے ان کے دل و دماغ میں دشمنی تو دور تلخی تک بھی نہیں رہی۔ ان سارے وجوہات کی بنیاد شری گرو گرنتھ صاحب کے تعلیمات پر سچی عقیدت سے عمل پیرا ہونا ہے۔

سکھ۔ مسلم تعلقات کی ایک خوبصورت قابل تقلید مثال ہے۔ سکھوں نے پنجاب، موجودہ پاکستان، ہماچل پردیش، ہریانہ، اتر پردیش کے علاقوں اور پڑوسی بیرون ممالک افغانستان اور چین کے علاقوں پر فتوحات حاصل کیں اور ۸۴ سال حکومت کی۔ اس دوران خود پنجاب کی چھوٹی سی ریاست مالیر کوٹلہ کو ہاتھ تک نہیں لگایا اور خبر گیری کرتے رہے حتیٰ کہ تقسیم ملک کے فسادات میں بھی یہ علاقہ محفوظ رہا۔ آزادی کے بعد اکالی دل کے ٹکٹ پر نواب مالیر کوٹلہ متعدد بار پنجاب اسمبلی کے ممبر چنے جاتے رہے۔ (سکھوں کے دو بدو شری اکال تخت

صاحب پر عہد لیتے ہوئے مالیر کوٹلہ کے مسلمان اکالی ستیہ گرہوں میں شریک رہے)۔ سکھوں کی یہ وابستگی نواب شیر محمد خان کے تئیں اظہار ممنونیت رہی ۔ دسمبر ۱۷۰۵ء میں وزیر خان گورنر سرہند نے شری گرو گوبند سنگھ جی کے ۸۱ سالہ والدہ ماتا گوجر کور جی اور دو چھوٹے چھ اور نو سال کے صاحبزادوں صاحبزادہ زور آور سنگھ جی اور صاحبزادہ فتح سنگھ جی کو قید کر لیا۔ بچوں کو اسلام قبول کرنے کے لیے لالچ اور دھمکیوں کا اثر نہ ہونے پر زندہ دیوار میں چنوا دینے کی سزا دینے سے پہلے چار دن تک اذیتیں دیتے رہے ۔ گورنر کی عدالت میں کارروائی کے دوران دیوان سچا نند کھتری نے خوب زہر اگلا اور سخت سے سخت ترین سزا دینے کی حمایت کی ۔ جب کہ مالیر کوٹلہ کے نواب شیر محمد خان نے پر زور احتجاج کیا۔ اس پر گورنر نے یاد دلایا کہ یہ وہی گرو کے بچے ہیں جنہوں نے چمکور کی جنگ میں تمہارے بھائی ناہر خان کو قتل کیا جہاں سے ابھی تم بھی جنگ لڑ کر آ رہے ہو۔ اس پر نواب نے جواب دیا میں اپنے بھائی کے قتل کا انتقام گرو سے میدان جنگ میں لوں گا لیکن ان معصوم بچوں کو کسی بھی طرح کا نقصان پہنچانا اسلام کی تعلیمات کے خلاف ہے۔

اسلام اور ہندوازم کے درمیان پیدا کی گئی غلط فہمیوں کو دور کرنے اور انہیں آپس میں مربوط کرنے کے لیے سکھ تحریک عالم وجود میں آئی ۔ دونوں مذاہب کے بنیادی فلسفہ ایک اللہ تعالیٰ کے وجود میں ایقان رکھنے کے باوجود مطلب پرستوں نے رسم ورواج کی بنیاد پر اختلافات ڈھونڈنے کے نرالے فلسفہ سے منقسم کرنے اور متضاد روایات کو فروغ دیتے ہوئے نفرت اور حقارت کی خلیج پیدا کی اور دن بدن اس خلیج کو مزید وسیع کرتے رہے۔ سکھ ازم نے دونوں قوموں کو جوڑنے اور ان کے مشترک اقدار کی نشان دہی کرتے ہوئے ان کے مشترکہ بنیادی فلسفہ اپنے ایک پیدا کرنے والے کی عبادت کرنے اور مخلوق میں خالق کے وجود پر زور دیا چاہے وہ کسی طریقے یا کسی زبان میں ہو۔ مطلب پرست عناصر نے خاص طور پر حکمرانوں اور تاریخ دانوں

نے ایک آزاد اور منفرد شناخت رکھنے والی اس انسانی تحریک سکھ ازم کا حلیہ بگاڑنے کی کوششوں میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ۔۔

شری گرو گرنتھ صاحب، نے ہندوؤں اور مسلمانوں میں میل ملاپ پیدا کرنے اور باہمی بقاء کے لیے ایک مخصوص رول ادا کیا ہے۔ شری گرو نانک صاحب جی سے لے کر پہلے پانچوں گرو صاحبین نے ہندوستان کے کونے کونے سے مسلمان صوفیا، اچھوت بھگت اور ہندو بھگتوں کے کلام کو جمع کرنے اور محفوظ کرنے کا کام ایک سو پینتیس (۱۳۵) سال تک کرتے رہے تاکہ ساری انسانیت کی رہنمائی کرنے کے لیے ایک جلد مرتب کر سکیں۔ مثال کے طور پر پنجاب کے حضرت بابا شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر (۱۱۷۵ سے ۱۲۶۵ء) کا پنجابی میں اور بنگال کے بھگت جئے دیو جی (۱۲۰۱۔ ۱۲۴۵ء) کا سنسکرت میں کلام حاصل کیا جو پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی کی ولادت سے تقریباً ڈھائی سو سال پہلے گزر چکے تھے۔ گرو صاحب نے بذات خود ان کے مصدقہ کلام کو جمع کیا جب یہ ان کے مقامات پر گئے تھے۔ یہ مقدس کتاب چھتیس (۳۶) پاک روحوں کے سوجھ بوجھ اور تجربات پر مشتمل ہے جنہیں حضرت بابا شیخ فرید صاحب (۱۱۷۵۔ ۱۲۶۵ء) سے لے کر شری گرو تیغ بہادر جی (۱۶۲۱۔ ۱۶۷۵ء) تک مختلف اوقات میں پانچ سو (۵۰۰) سالوں کے دوران الہام ہوتا رہا۔ پانچویں گرو شری گرو ارجن صاحب جی نے بذات خود (۱۵۹۹ سے ۱۶۰۴ء) کے پانچ سال کے عرصے میں مرتب کیا۔ بعد میں دسویں گرو شری گرو گوبند سنگھ جی نے اس میں نویں گرو شری گرو تیغ بہادر جی کا کلام شامل کیا اور ۱۷۰۸ء میں اپنے جانشینی کے طور پر گریائی بخشی ۔۔

عام طور پر یہ ایک غلط خیال پایا جاتا ہے کہ یہ کتاب پنجابی زبان میں ہے جب کہ فارسی، سنسکرت اور سہسکرتی کے علاوہ یہ سارے ملک کی عام بول چال کی مختلف زبانوں پر مشتمل ہے۔

دوسرے گروشری گروانگد صاحب جی نے ایک علحدہ آسان اور سادہ رسم الخط ایجاد کیا تاکہ یہ مختلف زبانوں کو ایک ہی رسم الخط میں لکھا جا سکے۔ جسے "گرمکھی" کے نام سے جانا جاتا ہے اور جو پنجابی زبان کے رسم الخط کے نام سے مشہور ہے۔ ان دنوں پنجابی زبان دیہاتی علاقوں میں مقامی رسم الخط اور شہری علاقوں میں اردو رسم الخط میں لکھی جاتی تھی اور پاکستان میں اردو رسم الخط میں ہی لکھی جاتی ہے۔۔

اس مقدس کتاب میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے (۳۶) بزرگوں کا کلام ان کی اپنی اصل زبان میں درج ہے۔ جن میں ۶ سکھ گرو، ۱۲ اچھوت بھگت، ۷ مسلمان صوفی اور باقی ہندوؤں کے مختلف طبقوں پر مشتمل ہے۔ مسلمانوں میں بھگت شیخ کبیر جولاہہ قدس سرہ اور بھگت شیخ بھیکن جی اتر پردیش، بھگت سدنا جی قصاب سندھ، رائے ستا جی، رائے بلونڈ جی، بھائی مردانہ جی اور بابا شیخ فرید جی پنجاب کے تھے۔

ملک بھر میں مسلمان صوفی سنتوں نے اسلام کی تبلیغ پیار محبت، مساوات اور روحانی تعلیمات سے کی اور ہزاروں ہندوؤں نے اسلام قبول کیا۔ جس بات کا ثبوت آج بھی ان کی درگاہوں پر عقیدت سے حاضری دینے والوں میں ہندوؤں کی تعداد مسلمانوں کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ ہے۔ ان میں حضرت بابا شیخ فرید صاحب ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ جن کی تقلید میں شمال مغربی ہندوستان کے گاوں کے گاوں مسلمان ہو گئے۔ چنانچہ پاکستان وجود میں آنے کے بعد بیشتر پاکستانی اخبارات نے اپنے اداریوں میں لکھا کہ آج کے پاکستان کی بنیاد تو آٹھ سو سال پہلے ہی حضرت بابا شیخ فرید جی نے رکھی تھی جن کی وجہ سے یہ علاقہ مسلمان آبادی کا اکثریتی علاقہ بن گیا تھا۔ شری گرو نانک صاحب جی اور سکھ تحریک نے انسانی مساوات اور مذہبی آزادی کے لیے اور زبردستی تبدیلی مذہب کی مخالفت میں قربانیوں اور بہ زور شمشیر بھی جم کر اپنے

جو ہر دکھائے لیکن حضرت بابا شیخ صاحب کے بڑے مداح رہے ہیں۔ یہ اسی بات کا بین ثبوت ہے کہ سکھ کبھی بھی مسلمان یا اسلام کے خلاف نہیں رہے ہیں۔۔

'گرو کی مسجد' کا تازہ واقعہ ابھی تک ذہنوں میں محفوظ ہوگا۔ چھٹویں گرو شری گرو ہرگوبند جی نے پنجاب کے ضلع گرداس پور کے گاوں ہرگوبند پوری میں سکھوں کے دسوندھ کی رقم اور جسمانی کارسیوا سے ایک مسجد تعمیر کروائی جو "گرو کی مسجد" کے نام سے مشہور تھی۔ ۱۹۴۷ء میں ملک کے تقسیم کے وقت گاوں مسلمانوں سے خالی ہوگیا تب یہ مسجد سنسان ہوگئی۔ اس مسجد کی عمارت میں سکھوں نے گردوارہ قائم کرلیا اور اس کا نام 'گردوارہ گرو کی مسجد' رکھا۔ ۲۰۰۳ء میں جب کچھ مسلمان اس گاوں میں رہائش پذیر ہوئے تب سکھوں نے بنا مانگے رضا کارانہ طور پر اپنے طرف سے اس عمارت سے گردوارہ کا تخلیہ کر کے مسجد کے طور پر استعمال کرنے کے لیے مسلمانوں کے حوالے کردیا۔ اسطرح "گردوارہ گرو کی مسجد" کی جگہ اب پھر "گرو کی مسجد" اسی آب وتاب اور شان وشوکت سے کھڑی ہے۔ دنیا تمام میں مذہبی دنگوں اور مندر۔ مسجد کے جھگڑوں اور نفرت کے پھیلتے سیلاب کے درمیان اسلام اور مسلمانوں کے تئیں سکھوں کا یہ رویہ اس بات کا جیتا جاگتا ثبوت ہے کہ سکھ ایک خدا اور ایک انسانیت کو کس صدق دل سے مانتے ہیں

آج کے اس ترقی یافتہ اور متمدن سمجھے جانے والے دور میں ہر طرف بعض افراد اور جماعتیں ہندو، مسلم، بودھی اور عیسائی اپنے مذہب کو برتر ثابت کرنے اور دوسرے مذاہب کے تعلق سے حقارت اور نفرت پھیلا کر تبدیل مذہب کی کوششوں میں عمل پیرا ہیں جو انسانی خون خرابہ کی بنیادی وجہ بن کر عوام میں مذہب کے تعلق سے بیزارگی اور نفرت کا جذبہ پیدا کرنے کا موجب بن رہی ہے۔

چنانچہ آج کا معاشرہ دو بڑے گروہوں میں منقسم ہوگیا ہے۔ ایک وہ کٹر پرست جو اپنے

مذہب کے علاوہ باقی سارے مذاہب کو کمتر سمجھتے ہیں اور دوسرا سیکولر کہلائے جانے والے غیر مذہبی ہونے کا دعوی کرنے والا جو انسانی بنیادی قدروں سے منحرف ہو کر بے راہ روی کی زندگی کو ترجیح دیتا ہے۔ آج کل کے حالات متقاضی ہیں کہ صحت مند سوچ وفکر رکھنے والے، درمیانہ روی کے راستے پر چلنے اور دوسروں کو ترغیب دینے والے افراد تیسرے گروہ کی تشکیل میں سرگرم عمل ہو جائیں جو نسل انسانی کی بقاء اور روحانی ترقی کا ضامن بن سکے۔ یہ اُسی وقت ممکن ہے جب کہ ہم اپنے اپنے مذہب کو اپنی مذہبی کتابوں کی روشنی میں خود پڑھ کر سمجھنے کی کوشش کریں اور دوسرے عقیدے پر نکتہ چینی کرنے سے گریز کریں۔

شری گرو گرنتھ صاحب کو سکھوں کی مقدس کتاب سمجھ کر مطالعہ کرنے سے اس کے پیام کے بنیادی مقصد کو کبھی بھی نہیں سمجھا جا سکے گا۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اپنے خالق اور اس کے مخلوق کے بارے میں کیا کہا گیا ہے اسے سمجھنے کی کوشش کریں۔ مجھے تسلیم کرنے میں کوئی قباحت نہیں ہے کہ اس ترجمہ میں اصل کلام کے خیالات کی خوبصورتی کو پیش کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکا کیوں کہ آج تک کوئی ترجمہ لاکھوں کوششوں کے باوجود اصل زبان کی صحیح ترجمانی کرنے سے قاصر رہا ہے۔ میں سمجھوں گا کہ اس کتاب کو مرتب کرنے کا مقصد پورا ہو گیا، اگر کوئی مسلمان بھائی شری گرو گرنتھ صاحب میں درج ہدایات کے مدنظر اور اپنی مذہبی کتب کی روشنی میں اپنی زندگی کو ڈھالنے کی کوشش کرے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ ہم سب کو ایسی توفیق عطا کرے کہ باہمی مشترک قدروں کی پاسبانی کرتے ہوئے، باہمی روابط کو مضبوط بنائیں اور متضاد اور منقسم کرنے والی باتوں پر دھیان نہ دیں جس سے احساس کمتری یا برتری پیدا ہو اور یہی خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کا سہل راستہ ہے۔۔

نانک سنگھ نشتر

صفحہ ۴۷۳ پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی

عورت کی عظمت

بھنڈ جمیئے بھنڈ نمیئے بھنڈ منگنڑ ویاہ۔
بھنڈہو ہوے دوستی بھنڈہو چلیئے راہو۔
بھنڈ موا بھنڈ بھالیئے بھنڈ ہوئے بندھان۔
سو کیوں مندا آکھیئے جت جمے راجان۔
بھنڈہو ہی بھنڈ اوپجے بھنڈیئے باجھ نہ کوئے۔
نانک بھنڈیئے باہرا ایکو سچا سوئے۔
جت مکھ سدا صالاہیئے بھاگا رتی چار۔
نانک تے مکھ اجلے تت سچے دربار (۲)۔

شبد ۱۹

۹

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 473**

Dignity of Woman

From a woman, man is bor n. In the woman's womb, a man is conceived, with a women he is betrothed and married. With a woman a man has a companionship, from woman originate new generations. When one's wife dies, another woman is sought for. It is through a woma n, a man restraints his passion. Why call her bad and impure from whom the saints and kings are born? From a woman, a woman is born , no body is born without a woman. Says Nanak, only the one *Sachcha* (One-True God) is without a woman. The mouth which ever praises God, is fortunate , rosy and beautiful. Says Nanak, those faces shall be bright in the court of that True God. (2)

Shabad 19

(even in today's most advanced and civilised society, during the period of menses, woman are prohibited to perform religious rites and entry into the places of worship for this so-called impurity. Sikhism, never treats wo man as impure for this natural process and are allowed for every religious rites, in view of this guidance.)

صفحہ ۴۷۳

پہلے گروشری گرونانک صاحب جی

عورت کی عظمت

آدمی، عورت کے ہی پیٹ میں پلتا ہے اور عورت سے ہی پیدا ہوتا ہے۔ عورت سے ہی سگائی اور شادی کرتا ہے۔ عورت سے ہی مرد اپنے تعلقات رکھتا ہے اور عورت سے ہی انسانی نسل پیدا ہوتی ہے۔ جب کسی کی بیوی کی وفات ہو جاتی ہے تب وہ دوسری عورت چاہتا ہے۔ عورت کے ذریعہ ہی آدمی اپنی خواہشات پر قابو رکھ سکتا ہے۔ اُسے بری اور ناپاک کیسے کہہ سکتے ہو جو بادشاہوں اور پیغمبروں کو جنم دیتی ہے؟ عورت سے ہی عورت پیدا ہوتی ہے کوئی انسان عورت کے بغیر پیدا نہیں ہو سکتا۔ نانک کہتے ہیں کہ ایک سچا (اللہ تعالی) ہی عورت کے بغیر ہے وہ منہ جو سدا ہی اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا گاتا ہے خوش نصیب ہے اور خوبصورت ہے۔ نانک کہہ رہے ہیں ان کے چہرے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں درخشاں رہیں گے (۲)۔

شبد ۱۹

(آج کے اس ترقی یافتہ اور متمدن دور میں بھی ناپاک سمجھے جانے والے ایام حیض میں عورت کو مذہبی رسومات اور عبادت گاہوں میں داخلہ کی اجازت نہیں ہے۔ سکھ ازم میں عورت کو اس قدرتی عمل کی وجہ سے ناپاک نہیں سمجھا جاتا اور مذہبی رسومات کی ادائیگی کی پوری آزادی ہے، اس رہنمایانہ گربانی کی روشنی میں)۔

پہلے گرو شری گرونانک صاحب جی

(ولادت ۱۴۶۹ء۔ رحلت ۱۵۳۹ء)

صفحہ۴ پہلے گرو شری گرونانک صاحب جی

کونٹر سو ویلا وقت کونٹر
کولنٹر تھت کونٹر وار۔
کونٹر سیہ رُتی ماہ کونٹر
جت ہوآ آکار۔
ویل نہ پائیا پنڈتی
جہ ہووے لیکھ پرانٹر۔
وقت نہ پائیو قادیاں
جہ لکھن لیکھ قران۔
تھت وار نہ جوگی جانٹرے
رت ماہ نہ کوئی۔
جاں کرتا سرٹھی کو ساجے
آپے جانٹرے سوئی۔

پوڑی ۲۱۔ جپ

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji
(Came 1469 - Left 1539)

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 4**

No body knows, what the time, the day and the date was, when this world came into existence. No body knows, what was the season and month. Pandits have not mentioned that time in their Puranas (Scriptures), nor it is mentioned in the Quran. The Yogis (spiritual leaders of Hindus) have also not mentioned any date, day, season or month. The Creator of the world only knows, when *He* has created.

(Poudi 21 - Jap)

صفحہ ۴ پہلے گر شری گرونانک صاحب جی

کوئی نہیں جانتا کہ وہ کون سا وقت کونسا دن اور کون سی تاریخ تھی جب یہ دنیا وجود میں آئی۔ کوئی نہیں جانتا کہ کون سا موسم اور کون سا مہینہ تھا۔ پرانوں (ہندوؤں کی مذہبی کتب) میں بھی پنڈتوں نے اس وقت کا کوئی تذکرہ نہیں کیا ہے۔ نہ ہی قرآن میں کوئی تذکرہ ہے۔ یوگیوں (ہندوؤں کے مذہبی رہنماؤں) نے بھی کسی تاریخ، دن، موسم یا مہینہ کا کوئی تذکرہ نہیں کیا ہے۔ اس کائنات کو بنانے والا خود آپ ہی جانتا ہے کہ اس نے یہ کائنات کب بنائی ہے۔

(پوڑی ۲۱۔ جپ)

صفحہ ۱۶ پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی

اک آوہ اک جاہ اٹھ

رکھی اہ ناؤ سلار۔

اک اپائے منگتے

اکنا وڈے دروار۔

اگئے گھیٔا جانٹری اسے

ونٹر ناوئے ویکار (۳)۔

بھئے تیر ہئے ڈر اگلا

کھپ کھپ چھجئے دیہہ۔

ناؤ جنا سلطان خان

ہوندے ڈٹھے کھیہہ۔

نانک اُٹھی چلیا

سبھ کوڑے تٹے نیہہ (۴)۔

شبد۔۶

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 16**

Some come into the world and some leave away and pose themselves as the greatest persons. Some are born as beggar and some take birth in the palace. By going into the yond, man realises the worth that without the Name of God every thing is vain (3). I am greatly afraid of *You, O God,* my body is wasting away, I am distracted and bothered, seeing that lords and kings are reduced in dust. Says Nanak; all false attachments are snapped, while leav ing the world (4).

Shabad 6

صفحہ ۱۶ پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی

اس دنیا میں کچھ لوگ آتے ہیں اور کچھ چلے جاتے ہیں اور اپنے آپ کو سالار کہلاتے ہیں۔ کوئی بھکاری کی گود میں جنم لیتا ہے تو کوئی شاہی محلوں میں پیدا ہوتا ہے۔ آگے چل کر معلوم ہوتا ہے کہ اس کے نام کے بغیر سب بیکار ہے (۳)۔ میرا جسم دن بدن کمزور ہوتا جارہا ہے۔ میں بہت خوفزدہ ہوں کہ جو خان اور سلطان کہلاتے تھے سب مٹی میں مل چکے ہیں۔ نانک کہہ رہے ہیں کہ اس دنیا فانی سے جاتے ہوئے یہاں کے سارے جھوٹے رشتہ ناتے چھوٹ جاتے ہیں (۴)۔

شبد۔ ۶

صفحہ۲۴ پہلے گروشری گرونانک صاحب جی۔

سوئی مولا جن جگ مولیا
ہر یا کیا سنسارو۔
آب خاک جن بندھ رہائی دھن سرجن ہارو (۱)۔
مرنا ملا مرنا بھی کرتارہو ڈرنا۔(رہاؤ)
تا تو ملا تا تو قاضی جانڑھ نام خدائی۔
جے بہتیرا پڑیا ہوئے کو کہے نہ بھریئے پائی (۲)۔
قاضی سوئی جن آپ تجیا اک نام کیا آدھارو۔
ہے بھی ہوسی جائے نہ جاسی سچا سرجنڑ ہارو (۳)۔
پنج وکھت نواج گجارہ پڑھیں کتیب قرانڑا۔
نانک آکھئے گور سدے ئی رہیو پینٹر کھانڑا (۴)۔

شبد۔۲۸

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 24**

He is the *Moula* (Master), who has made the world and kept the universe-bloom. Hail ! The *Creator* who has kept the earth and water together (1). O Mullah, death must come, abide in the fear of *Kartar* (Doer of all deeds - God) (Theme of the Shabad). Then alone you are Mullah or Qazi, if you understand the mystery of the *Name of Khuda* (Self-existent - God). Even though you may be very learned, none can stay when his measure of life beco mes full (2). He alone is the Qazi, who has abandoned ego and made the *Name of God* his support. The *True Creator* ever remains, who was not born and shall not perish (3). You offer five time prayers and read the Quran and Scriptures. Says Nanak, when the grave calls you; your food and drink come to an end (4).

Shabad 28

پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی صفحہ ۲۴

اس سنسار کو مولا نے ہی ہرا بھرا بنایا ہوا ہے۔ قابل مبارک ہے وہ خالق جس نے زمین اور پانی کو ساتھ ساتھ یکجا کر رکھا ہے (۱)۔ اے ملا، موت برحق ہے، قادر مطلق کے خوف میں رہو۔ (شبد کا مرکزی خیال)۔ تو ملا یا قاضی کہلانے کا حقدار اسی وقت ہے جب تو خدا کے نام کی عظمت کو سمجھے۔ اگر تو بہت پڑھا لکھا بھی ہووے لیکن جب تیری زندگی کا پیمانہ لبریز ہو جائے تو رہ نہیں پائے گا (۲)۔ قاضی وہی ہے جس نے اپنی خودی کا غرور چھوڑ دیا ہو اور اللہ تعالی کے ایک نام پر ہی بھروسہ رکھا ہو۔ سچا خالق ہمیشہ رہنے والا ہے جو نہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ ہی کبھی فنا ہونے والا ہے (۳)۔ تو پانچ وقت نماز پڑھتا ہے اور قرآن پڑھتے رہتا ہے۔ نانک کہہ رہے ہیں کہ جب قبر سے بلاوا آئے گا سب کھانا پینا یہیں دھرا رہ جائے گا (۴)۔

شبد ۲۸

صفحہ ۵۳ پہلے گرو شری گرونانک صاحب جی

بابا اللہ اگم اپار

پاکی نائی پاک تھائیں سچا پرودگار (رہاؤ)۔

تیرا حکم نہ جاپی کیتڑا لکھ نہ جانڑ لئے کوسئے۔

جے سو شاعر میلی اہ تل نہ پجاویں روئے۔

کیمت کینئے نہ پایا سبھ سنڑ سنڑ آکھئیں سوئے (۲)۔

پیر پیکامبر سالک صادق شہدے اور شہید۔

شیخ ، مشائخ ، قاضی ، ملا در درویس رسید۔

برکت تن کو اگلی پڑدے رہن درودَ (۳)۔

آگے جاری......

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 53**

O dear ! *Allah* is unknowable and vast. Sanctified is the name and sanctified i s place of the *True Parvadigar* (Cherisher) (Theme of the Shabad). No one knows *His* will and how to pen down *His* Glory. Even hundreds of poets gather, they cannot describe even sesame of *His* Greatness. No one could found *His* Worth. Everyone narrates, whatever he has repeatedly heard (2). The spiritual guides, prophets, divine pioneers, men of faith, g ood men, martyrs, preachers, strivers, judges, moulvis, saints and those approached *God's* Court, they obtain more blessings if they continue reciting *God's* Praises (3).

صفحہ ۵۳ **پہلے گرو شری گرونانک صاحب جی**

بابا، اللہ وسیع اور لامحدود ہے۔ سچے پروردگار کا نام بھی پاک ہے اور مقام بھی پاک ہے ۔(شبد کا مرکزی خیال)۔ تیرا حکم (مرضی) کوئی نہیں جان سکتا اور نہ ہی بیان کرسکتا ہے۔ اگر سینکڑوں شاعر جمع ہوجائیں تب بھی تل برابر اس کی عظمت نہیں بیان کرسکتے ۔ بار بار سنی سنائی باتیں ہی بیان کرتے ہیں (۲)۔ پیر، پیغمبر، سالک، صادق، شہدئے اور شہید، شیخ، مشائخ، قاضی، ملا اور درویش سب تیرے دروازے پر کھڑے ہیں اور تیری شان میں مدح کر رہے ہیں تا کہ تجھ سے برکت پاسکیں (۳)۔

آگے جاری......

صفحہ ۵۳ پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی۔

پچھ نہ ساج ، پچھ نہ ڈھاہے ، پچھ نہ دے وئے لیے۔
آپنڑی قدرت آپے جانڑے آپے کرنڑ کرے۔
سبھنا ویکھئے ندر کر جے بھاوے تئے دیئے (۴)۔
تھاواں ناوں ، نہ جانڑئے ناواں ، کے وڈ ناؤں
جتھئے ویسئے میرا پاتشاہ سو کے وڈ ہے تھاؤں۔
انبڑ کوئے نہ سکئی ہوں کس نو پچھنڑ جاوں (۵)۔

شبد۔ ا

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 53**

He consults none when *He* creates, *He* does not consult when *He* destroys nor does *He* seek the counsel while giving and taking. *His* omnipotence, *He Himself* knows *His* Qudarat (His power) and *He Himself* do all the works. With *His* Glance, His Grace is upon all, but He gives to him whom He is pleased (4). No body knows, *His* name, *His* place and how great *His* Name is amongst other names. How great is the place where my God lives ? No one can reach *Him*. Whom should I go and ask ? (5).

Shabad 1

صفحہ ۵۳ پہلے گروشری گرونانک صاحب جی

کسی سے پوچھ کر وہ کسی کو تخلیق نہیں کرتا اور نہ ہی کسی سے پوچھ کر تباہ کرتا ہے۔ نہ دینے کے لیے کسی سے پوچھتا ہے اور نہ ہی کسی سے چھین لینے کے لیے کسی سے پوچھتا ہے۔ وہ اپنی قدرت خود آپ ہی جانتا ہے اور جو چاہتا ہے وہ خود کرتا ہے۔ اپنی نظر کرم سے وہ سب کو دیکھتا ہے اور جسے جو چاہتا ہے وہ دیتا ہے (۴)۔ اس مقام کے نام کو کوئی نہیں جانتا جہاں وہ رہتا ہے۔ سارے ناموں میں اس کا نام کتنا عظیم تر کوئی نہیں جانتا۔ جہاں میرا سچا بادشاہ (خدا) رہتا ہے وہ جگہ کتنی عظیم ہوگی جہاں کوئی نہیں پہنچ سکتا۔ میں کس سے اس بارے میں جانکاری حاصل کروں؟ (۵)۔

شبد۔۱

صفحہ ۶۴ پہلے گروشری گرونانک صاحب جی

اللہ الکھ اگم

قادر کرنٹر ہار کریم۔

سبھ دنی آونٹر جاونٹری

مقام ایک رحیم (۶)۔

مقام تس نو آکھئے

جس سس نہ ہووی لیکھ۔

آسمان دھرتی چل سی

مقام اوہی ایک (۷)۔

دن رو چلئے نس سس چلئے

تارکا لکھ پلوئے۔

مقام اوہی ایک ہے

نانکا سچ بگوئے (۸)۔

شبد۔۱۷

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 64**

Allah is unseen, inscrutable, inaccessible, omnipotent and bounteous *Creator*. The entire world is subject to coming and going; the *Rahim* (Merciful God) is permanent (6). Call him permanent, whose head bears not a writ of destiny. Ever stable is *He Alone*, the sky and earth shall pass away (7). The sun and day shall go, the moon and night shall vanish and lakhs of stars sha ll disappear. Nanak tells the truth, *He Alone* is eternal (8).

Shabad 17

صفحہ ۶۴ پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی

اللہ، مستقل رہنے والا نظر نہ آنے والا ہے۔ وہ قادر مطلق ہے اور سب پر کرم کرنے والا کریم ہے ، ساری دنیا آنی جانی ہے۔ صرف ایک رحیم کا مقام ہی مستقل ہے (۶)۔ مستقل اسے ہی کہا جاسکتا ہے جس کے پیشانی پر کوئی مقدر لکھا نہیں ہوتا۔ زمین اور آسمان بھی ہمیشہ رہنے والے نہیں ہیں۔ صرف وہ ہی ایک واحد مستقل ہے (۷)۔ دن رات بدلتے رہتے ہیں، چاند اور سورج بھی ہمیشہ رہنے والے نہیں ہیں۔ نانک، حقیقت بیان کر رہا ہے کہ صرف وہ ہی ایک مستقل ہے (۸)۔

شبد۔ ۱۷

صفحہ ۸۴-۸۳ پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی

قدرت کر کئے وسیا سوئے۔
وقت ویچارے سو بندہ ہوئے۔
قدرت ہے قیمت نہیں پائے۔
جاں قیمت پائے تا کہی نہ جائے۔
شرع شریعت کریہہ بیچار۔
بن بوجھے کیسے پاوہ پار۔
صدق کر سجدہ من کر مقصود۔
جہہ دھر دیکھا تہہ دھر موجود (ا)۔

شبد-۴

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 83-84**

Having created the universe, the *God* abides in it. He, who avails the life span, becomes the servant of *God*. The worth of the nature cannot be known. Even if somebody knows the value, then he cannot describe it. People think of religious laws and regulations (Sharah and Shariyat). But without understanding *God*, how can they swim across the world? Make faith your bowing and let the knowledge of mind be your object of life. Then, whatever direction you see, you will find *God's* Presence (1).

Shabad 4

پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی صفحہ ۸۳-۸۴

اس نے اپنی قدرت سے اس کائنات کو بنایا اور پر اس میں سمایا ہوا ہے۔ جو شخص اس زندگی کی میعاد سے مستفید ہو جائے وہی بندہ کہلانے کا مستحق ہے۔ قدرت کی قیمت کوئی نہیں جان سکتا اگر کسی نے کچھ جاننے کی کوشش بھی کی تو کہہ نہیں سکے گا۔ شرع اور شریعت پڑھنا اور سمجھنا ہی کافی نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کو بوجھے بغیر اس دنیا کے سمندر سے پار نہیں پایا جا سکتا۔ اپنے صدق کو سجدہ بنا اور دماغ سے گیان حاصل کرنے کو زندگی کا مقصد بنا۔ پھر جس طرف بھی دیکھے گا ہر طرف خدا کی موجودگی کا احساس ہوگا (۱)۔

شبد۔۴

صفحہ ۱۴۰ پہلے گرو شری گرونانک صاحب جی

جسے رت لگئے کپڑے

جامہ ہوئے پلیت۔

جو رکت پیوہ مانٹرسا

تن کیوں نرمل چیت۔

نانک ناؤ خدائے کا

دل ہچھے مکھ لیہہ۔

اور دواجے دنی کے

جھوٹے عمل کریہہ (۱)۔

شبد۔۶

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 140**

If the blood stains clothes, the garment becomes dirty. Who suc ks the blood of human beings, how can their mind remains pure? Says Nanak, utter the name of *Khuda* (self-existent - God) with your mouth with sincere heart. The rest is all the false rituals to show off the world (1).

Shabad 6

پہلے گروشری گرونانک صاحب جی صفحہ ۱۴۰

اگر کپڑے کو خون لگ جائے تو کپڑا گندہ ہو جاتا ہے۔ لیکن جو انسانی خون پیتا ہو (ظلم زیادتی کرتا ہو) اس کا من کیسے پاک رہ سکتا ہے؟ نانک کہہ رہے ہیں کہ منہ سے خدا کا نام لیتے وقت دل بھی صاف رکھا کرو۔ ورنہ دنیاوی دکھاوے کے لیے مذہبی رسومات کی ادائیگی جھوٹے عمل ہیں (۱)۔

شبد۔۶

صفحہ ۱۴۱۔۱۴۰ پہلے گرو شری گرونانک صاحب جی

مہر میت صدق مصلیٰ

حق حلال قران۔

سرم سنت سیل روزہ

ہوہ مسلمانڑ۔

کرنڑی کعبہ سچ پیر

کلمہ کرم نواج۔

تسبیح سا تس بھاو سی

نانک رکھئے لاج (۱)۔

شبد۔ ۷

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 140-141**

Make mercy your mosque, faith your prayer-mat and just and honest living your Quran. Honest labour your circumcision, good conduct your R oza (fast) and become a Muslim. Make pious works your Kaaba, truth your Pir (spiritual guide) and good deeds your Kalma and Nimaz. Says Nanak, *His* Will shall become your rosary, and then *He* will protect your honour (1).

Shabad 7

پہلے گروشری گرونانک صاحب جی　　　　صفحہ ۱۴۰-۱۴۱

رحم دلی کی مسجد بناؤ اور صدق دلی کو مصلیٰ، حق اور حلال کی روٹی کو قرآن بناؤ۔ ایمانداری کی محنت کا ختنہ کرو اور نیک اعمال کا روزہ رکھو اس طرح سچا مسلمان بنو۔ نیک اعمال کو کعبہ سمجھو اور سچ کو اپنا پیر (مرشد) مانو اور نیک اعمال کو اپنا کلمہ اور نماز بناؤ۔ نانک کہہ رہے ہیں کہ جو اعمال اس کو (خدا کو) پسند ہو اس کو تسبیح سمجھو، تب وہ تم کو اپنی حفاظت میں رکھے گا (۱)۔

شبد۔ ۷

صفحہ ۱۴۱ پہلے گرو شری گرونانک صاحب جی

حق پرائیا نانکا

اُس سور اُس گائے۔

گر پیر حاماں تاں بھرے

جاں مردار نہ کھائے۔

گلیں بھست نہ جائیے

چھٹے سچ کمائے۔

مارنٹر پاھ حرام مہہ

ہوئے حلال نہ جائے۔

نانک گلیں کوڑی ای

کوڑو پلئے پائے (۲)۔

شبد۔ ۷

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 141**

Says Nanak, grabbing others right is like eating the meat of swine for Muslims and meat of Cow for the Hindus. Guru and Pir (spiritual guides of Muslims and Hindus) shall stand surety only when they do not eat carrion. By mere talk none goes to heaven, the emancipation is by the practice of truthful living. By putting condiments in sinful food, it does not become Halal (rig htful-pure). Says Nanak, from false talk, only falsehood is obtained (2).

Shabad 7

صفحہ ۱۴۱ پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی

نانک کہہ رہے ہیں، دوسروں کا حق مارنا ایسے ہی ہے جیسے مسلمانوں کے لیے سور کا گوشت کھانا اور ہندوؤں کے لیے گائے کا گوشت کھانے کے برابر ہے۔ گرو اور پیر (مسلمانوں کے مرشد اور ہندوؤں کے گرو) ان کی حمایت اس وقت ہی کریں گے جب وہ مُردار (سب کے لیے حرام جانور کا گوشت) نہ کھائیں۔ محض باتوں سے کوئی بہشت نہیں جا سکتا جب تک کہ سچائی کی زندگی نہ گزارے۔ حرام ذریعہ سے کمائی ہوئی غذا میں کتنے ہی لوازمات ڈال دیئے جائیں تب وہ حلال نہیں بن جاتے۔ نانک کہہ رہے ہیں کہ جھوٹی باتوں سے جھوٹ کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوگا (۲)۔

شبد۔ ۷

صفحہ ۱۴۱ پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی

پنج نواجا وکھت پنج

پنجا پنجے ناؤ۔

پہلا سچ حلال دوئے

تیجا خیر خدائے۔

چوتھی نیت راس من

پنجویں صفت ثنائے۔

کرنٹری کلمہ آکھ کسے

تاں مسلمان صدائے۔

نانک جیتے کوڑیار

کوڑے کوڑی پائے (۳)۔

شبد۔ ۷

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 141**

There are five prayers, five times for prayers and the five names. The first is truthfulness; second the honest earning (Halal Rozi) and third Charity in the name of *Khuda* (self-existent - God). The fourth is honest mind and fifth is *Praise of God.* Utter the Kalma of good deeds and then call yourself a Muslim. Says Nanak, without the good deeds, all the liars shall obtained what is altogether false (3).

Shabad 7

صفحہ ۱۴۱ پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی

نماز پانچ ہیں ۔ نماز کے وقت بھی پانچ مقرر ہیں اور پانچوں کے نام دیئے ہوئے ہیں ۔ پہلی نماز سچ ہے اور دوسری حلال کے ذریعہ سے کمائی ہوئی روزی اور تیسری خدا کے نام پر خیرات کرنا۔ چوتھی دل کو پاک وصاف رکھنا اور پانچویں اللہ تعالی کی حمد وثناء کرنا ۔ نیک اعمال کا کلمہ پڑھ کر ہی مسلمان کہلایا جاسکتا ہے ۔ نانک کہہ رہے ہیں کہ نیک اعمال کے بغیر جتنے جھوٹے اعمال ہیں ان سے جھوٹ ہی حاصل ہوگا (۳)۔

شبد ۔ ۷

صفحہ ۱۴۱ پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی

مسلمانڑ کہاونڑ مشکل

جاں ہوئے تاں مسلمانڑ کہاوے۔

اول اول دین کر مٹھا

مسکل مانا مال مساوے۔

ہوئے مسلم دین مہانڑسے

مرنڑ جیونڑ کا بھرم چکاوے۔

رب کی رضائے منئے سر اُپر

کرتا منے آپ گواوے۔

تو نانک سرب جیاں مہہ رمت

ہوئے تا مسلمانڑ کہاوے (۱)۔

شبد۔۸

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 141**

It is difficult to be called a Muslim, one has to be so, to get himself called a Muslim. First he ought to deem the Deen (religion) as sweet (good), and then with this scraper, let him scrub his ego clean. Becoming the true disciple of the Muslim faith, let him break the illusion of life and death. And heartily submit to the Will of *Rabb* (God), worship the *Creator* and efface self-conceit. Says Nanak, if he is merciful to all creatures; then he is truly acclaimed as a Muslim (1).

Shabad 8

صفحہ ۱۴۱ پہلے گرو شری گرونانک صاحب جی

مسلمان کہلانا مشکل ہے اگر ہو، تب ہی مسلمان کہلایا جاسکتا ہے۔ پہلے اپنے دین (مذہب) کو میٹھا (اچھا) سمجھ۔ اور پھر اس گھسنی سے اپنے دل کے اندرونی میل کو گھس کر صاف کر۔ اسلام کے عقیدے پر پورا ایمان لاکر مسلمان بن تب ہی زندگی اور موت کے شکوک وشبہات کو دور کرسکے گا۔ رب کی رضا کو اپنی پیشانی سے لگائے رکھ۔ اپنے قادر مطلق کی مرضی میں اپنے آپ کو ضم کردے۔ نانک کہہ رہے ہیں سارے جانداروں پر رحم کر تب ہی مسلمان کہلایا جاسکتا ہے(۱)۔

شبد۔۸

پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی

صفحہ ۱۴۱

راجے رعیت سکدار
کوئے نہ رہ سیو۔

ہٹ پٹنڑ بازار
حکمی ڈھیہ سیو۔

پکے بنک دوار
مورکھ جانڑے آپنڑے۔

درب بھرے بھنڈار
ریتئے اک کھنڑئے۔

تاجی رتھ تکھار
ہاتھی پاکھرئے۔

باغ ملکھ گھر بار
کتھے سے آپنڑے۔

تنبو پلنگ نوار
سرائچے لالتی۔

نانک سچ داتار
شناخت قدرتی۔

شبد۔۸

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 141**

Neither the kings, nor the subjects, nor the chiefs shall remain. The shops, cities and streets shall demolish in the *Will of God.* The fools think, solidly built beautiful mansions as their own. The treasures filled with wealth become empty in a moment. Stallions, chariots, camels, elephants with h ousings, gardens, properties, houses and buildings, tents, cotton-tape webbed couches and satin pavilions, O where are they which man considers his own? Says Nanak, True is the *Bestower God,* and *He* is recognised through *His* Khudart (Nature).

Shabad 8

پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی صفحہ ۱۴۱

بادشاہ، رعایا اور حکمران طبقہ کوئی باقی رہنے والے نہیں ہیں، دکانیں، بازار اور بستیاں سب اس کے (خدا کے) حکم سے ڈھیر ہو جائیں گے۔ احمق سمجھتے ہیں کہ یہ پختہ خوبصورت محل ان کے اپنے ہیں۔ دولت سے بھرے خزانے ایک لمحہ میں خالی ہو جائیں گے۔ زرہ بکتر، رتھ، اونٹ ہاتھی ان پر لدے ہودے۔ باغات، جائیداد، مکانات، عمارات، خیمہ، نوار کے پلنگ اور کپڑوں سے ڈھکے عشرت کدے وہ سب کہاں ہے جو تو اپنے سمجھتا تھا (آخری وقت میں)؟ نانک کہہ رہے ہیں کہ داتار (سب کو دینے والا) سچا ہے اور قدرت کے ذریعہ سے ہی اس کی شناخت ہو سکتی ہے۔

شبد۔ ۸

صفحہ۱۴۲ پہلے گرو شری گرونانک صاحب جی

بدفعلی غیبان
خصم نہ جانڑئ۔

سو کہیے دے وانہ
آپ نہ پچھانڑئ۔

کلھہ بڑی سنسار
وادے کھپیے۔

ونڑ ناوئے دے کار
بھرمے پچیے۔

راہ دووئے اک جانڑسئے
سوئی سجھسی۔

کفر گوسئے کفرانڑئے
پیا دجھسی۔

سبھ دنیا سبحان
سچ سمائیئے۔

سجھئے در دیوان
آپ گوائیئے۔

شبد۔۹

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 142**

The evildoer is a demon, who knows not the *God*. Call him a madcap, who does not understand own self. Pernicious is strife in this world. In contention man is distracted. Without *God's Name* worthless is the human being. In scepticism he is destroyed. He who deems both the ways (of Hindu s and Muslims) lead to *One God,* shall be emancipated. Fallen in the blasphemer's hell, the utterer of lies shall burn to ashes. The whole world is most sanctified and pure, living in it get absorbed in *Truth (God).* By eradicating his self-conceit, man is exonerated in *God's Court.*

Shabad 9

پہلے گرو شری گرو نانک صاحب جی صفحہ ۱۴۲

بُرے اعمال کرنے والا شخص شیطان ہوتا ہے۔ وہ خدا کی حقیقت کو نہیں جانتا۔ جو خود کو نہ پہچان سکے اسے دیوانہ کہنا چاہئے۔ دنیاوی جھنجٹوں میں انسان اپنے آپ کو پھنسا رکھتا ہے۔ بناء خدا کے نام کو سمجھے، بیکار کے کاموں میں اپنی زندگی گنوا دیتا ہے۔ اللہ تعالی تک پہنچنے کے دونوں راستے (ہندوؤں اور مسلمانوں کے طریقے عبادت) کو ایک ہی سمجھے اور ایسا سمجھنے والا نجات حاصل کر لیتا ہے۔ اس کی حقیقت سے انکار کرنے والا کفر بکتا ہے وہ خاک ہو جائے گا اور دوزخ میں ڈالا جائے گا۔ یہ ساری دنیا سبحان (پاک و مقدس) ہے۔ اس میں رہتے ہوئے بھی سچ (خدا) میں سمایا جا سکتا ہے۔ اپنے وجود کو گنوا کر ہی انسان اللہ تعالیٰ کی بارگاہ تک پہنچ سکتا ہے۔

شبد۔ ۹

صفحہ ۱۴۲ پہلے گرو شری گرونانک صاحب جی

جاتی دیئے کیا ہتھ

سچ پرکھئے۔

مہرا ہوویے ہتھ

مریئے چکھیئے۔

سچے کی سرکار

جگ جگ جانڑیئے۔

حکم منے سردار

در دیبانڑیے۔

فرمانی ہے کار

خصم پٹھائیا۔

طبل باج بیچار

شبد سنڑاییا۔

اکو ہوویے اسوار

اکنا ساختی۔

اکنی بدھے بھار

اکنا تاکھتی۔

شبد۔۱۰

1st Guru Shri Guru Nanak Sahib Ji **Page 142**

Let us examine the truth of caste? Take poison in your hand, ta ste it and show how the pride of high caste can save you from death. The sovereignty of the *True God* is known throughout the ages. Whoever submits to the God's Will, becomes noble in *His Court.* For performing this task, the *God* has sent us in this world. The Guru (spiritual guide) with beat of the drum has, by means of Gurbani (instructions), proclaimed this meditation of the *God.* Hearing this for the journey of life, some have mounted their horses and some are preparing for it. Still others are gathering their load, and some have even ri dden off.

Shabad 10

صفحہ ۱۴۲ پہلے گروشری گرونانک صاحب جی

مذہب اور ذات پات کی اہمیت اور حقیقت کو جاننے کے لیے کیوں نہ ایک امتحان لے لیا جائے؟ ہاتھ میں زہر لے کر چکھنے کے بعد ذات پات کا غرور کس طرح مرنے سے بچا سکتا ہے؟ سچے (خدا) کی سرکار ازل سے ابد تک قائم ہے۔ جو اُس کی رضاء میں خوش رہتا ہے وہی اس کی بارگاہ میں قابل قبول ہوگا۔ خدا نے اس کام کے لیے ہم کو بھجوایا ہے۔ نقارے کی چوٹ پر مرشد بار بار اس کی عبادت کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔ ان باتوں پر عمل کرتے ہوئے اس دنیاوی سفر سے روانہ ہونے کے لیے کچھ لوگ گھوڑوں پر زین کس رہے ہیں اور کچھ تیاری کر رہے ہیں۔ کچھ اپنے سفر کا سامان بٹور رہے ہیں اور کچھ بے خبر بھی ہیں۔

شبد۔۱۰

مہربان ہے، میرا صاحب (اللہ تعالیٰ) مہربان ہے۔ میرا صاحب مہربان ہے۔ جو سارے جانداروں کو دان دیتے رہتا ہے (شبد کا مرکزی خیال)۔ اے انسان تیرا بھروسہ کیوں ڈگمگا رہا ہے۔ سرجنہار (خالق) تیری حفاظت کرے گا۔ جس نے تجھے پیدا کیا وہی تیری ضرورتیں پوری کرے گا (۱)۔ جس نے یہ دنیا پیدا کی ہے وہی اس کی دیکھ ریکھ کرے گا۔ سچا پرودگار ہر ایک کے دل و دماغ کا مالک ہے (۲)۔ اس کی قدر و قیمت نہیں جانی جاسکتی وہ عظیم ہے اور ان باتوں سے بے پرواہ ہے۔ اے بندے (انسان) تو اس کی بندگی (عبادت) کر جب تک تیرے جسم میں سانس ہے (۳)۔ اے اللہ تعالیٰ تو قادر مطلق ہے۔ تو اتنا عظیم ہے کہ تیرے بارے میں بیان نہیں کیا جاسکتا۔ ہمارے حواس خمسہ تجھ تک پہنچ نہیں سکتے۔ میرا جسم اور روح تیری ملکیت ہے۔ نانک التجا کر رہے ہیں کہ تیرے رحم کے بدولت میں نے سکھ پایا ہے (۴)۔

شبد ۳

صفحہ۷۲۴ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

کرتے قدرتی مشتاق۔
دین دنیا ایک توں ہی
سبھ خلق ہی تے پاک (رہاؤ)۔
کھن ماہ تھاپ اتھاپدا
آچرج تیرے روپ۔
کونٹر جانٹرنیئے چلن تیرے
اندھیارے مہ دیپ (۱)۔
خود خصم خلق جہان اللہ
مہروان خدائے۔
دنس رین جہ تدھ ارادھے
سو کیوں دوزخ جائے (۲)۔
عزائیل یار بندے
جس تیرا آدھار۔
گنہہ اس کے سگل آفو
تیرے جن دیکھ دیدار (۳)۔
دنیا چیز فی الحال سگلے
سچ سکھ تیرا ناؤ۔
گر مل نانک بوجھیا
سدا ایکس گاؤ (۴)۔
شبد۴

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 724**

O *Karte* (Creator), seeing *Your Khudarat* (creation), I have become admirer. *You Alone* are the Spiritual and Temporal *God* of all creation, yet detached from the creation (Theme of the Shabad). In a moment *You* create and destroy. Wondrous are *Your* manifestations. *Your* mysteries are the light in darkness. To whom it can be revealed? (1). *Your-self* is the *Allah, God, Meharwan Khuda* (Compassionate God) of the all beings and world. Who contemplat es *You* day and night, how should he go to Dozaq (hell)? Who seeks *Your* support, Azrail (angel of death) becomes his friend. On seeing *Your* devotee, all his sins are pardoned. All the worldly things are temporary for the time being. In *Your Name O God,* is the true comfort and peace forever. Says Nanak, on meeting the Guru (spiritual guide) has understood to ever sing t he praises of *Ek* (Alone - God) (4).

Shabad 4

صفحہ ۷۲۴ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

اے کرتا (سب کاموں کا کرنے والا ۔ خدا) تیری قدرت کو دیکھ کر مشتاق ہو گیا ہوں ۔ تو ایک ہی دین اور دنیا ہے اور پھر اپنی تخلیق (پیدا کی ہوئی چیزوں) میں الجھا ہوا بھی نہیں ہے ۔ اس سے پاک ہے (شبد کا مرکزی خیال) ایک لمحہ میں تخلیق کرتا ہے اور تباہ کر دیتا ہے ۔ تیرے کرامات کوئی نہیں جان سکتا یہ اندھیرے میں چراغ جیسے ہے (۱) ۔ تو خود (خدا) ہے سارے جہاں اور ساری خلقت کا ۔ اے مہربان خدا، تو اللہ ہے جو دن رات تیری عبادت کرتے ہیں وہ دوزخ کیسے جا سکتے ہیں؟ (۲) جو تیری پناہ میں ہے عزرائیل فرشتہ اس بندے کا یار (دوست) بن جاتا ہے یعنی کوئی نقصان نہیں پہنچاتا ۔ تیرے عبادت گزاروں کے دیدار سے اس کے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں (۳) ۔ دنیا کی ساری نعمتیں فی الحال اور عارضی ہیں اور دائمی سکھ تو تیرا سچا نام ہی ہے ۔ نانک کہہ رہے ہیں کہ میں نے مرشد کے ذریعہ سمجھا ہے کہ ہمیشہ ایک (اللہ تعالی) کے گن گایا کرو (۴) ۔

شبد ۴

صفحہ۷۲۴ پانچویں نانک شری گروارجن صاحب جی

میراں دانا دل سوچ۔
محبتے من تن بسئے سچ شاہ بندی موچ (رہاؤ)۔
دیدنسے دیدار صاحب کچھ نہیں اس کا مول۔
پاک پرودگار توں خود خصم وڈا اتول (۱)۔
دستگیری دیہہ دلاور توں ہی توں ہی ایک۔
کرتار قدرت کرنتر خالق نانک تیری ٹیک (۲)۔

شبد۵

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 724**

O wise friend, ever think in your mind. Enshrine in the body and mind the love for the *Sachch Shah* (True Sovereign - God) Emancipator from bondage (Theme of the Shabad). The worth of seeing the *Sahib's* (Master - God) vision cannot be evaluated. *Pak Parvadigar, Yourself* is the great and immeasurable (1). *You Alone You Alone O Chivalrous,* hold my hand. O *Kartar (Creator) You* have created this creation in *Your Khudarat, You* are Nanak's mainstay (2).

Shabad 5

صفحہ ۷۲۴ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

اے میرے دانا دوست، دل سے سوچ۔ سچے شاہ (اللہ تعالیٰ) جو نجات دہندہ ہے اس کی محبت اپنے من تن میں بسا کر رکھ۔ (شبد کا مرکزی خیال)۔ صاحب (مالک۔ اللہ تعالیٰ) کے دیدار (تصور میں) کی کوئی قیمت نہیں بتا سکتا۔ تو پاک پروردگار ہے۔ تو خود (خدا) ہے اور لا محدود عظیم ہے (۱)۔ ایک تو ہی صرف ایک تو ہی ہے جو دلاور (دل والا بہادر) ہے میرا ہاتھ تھام لے۔ اے کرتار (خالق) تو نے اپنی قدرت سے خلقت کو پیدا کیا ہے۔ نانک کو ایک تیرا ہی سہارا ہے (۲)۔

شبد ۵

صفحہ ۸۸۵ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

کوئی بولئیے رام کوئی خدائیے۔
کوئی سیویے گسیاں کوئی اللہ(۱)۔
کارنٹر کرنٹر کریم
کرپادھار رحیم (رہاؤ)۔
کوئی نہاویے تیرتھ کوئی حج جائے۔
کوئی کریئے پوجا کوئی سر نوائے (۲)۔
کوئی پڑھیئے بید کوئی کتیب۔
کوئی اوڈھیئے نیل کو سپید (۳)۔
کوئی کہیئے ترک کوئی کہیئے ہندو۔
کوئی بانچھیئے بھست کوئی سرگندو (۴)۔
کہو نانک جن حکم پچھاتا۔
پربھ صاحب کا تن بھید جاتا (۵)۔
شبد ۹

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 885**

Some say *Ram Ram* (All pervading not of Ayodhiya), some say *Khuda* (Self-existent). Some say *Gosayeen* (Master of the universe), some say *Allah* (1). You are *Kareem* (extender of mercy), cause of the causes; *You* are *Raheem* (Merciful) (Theme of the Shabad). Some bathe at the Hindu pilgri m stations and some make Haj (pilgrimage) to Mecca. Some perform puja (Hin du worship), some bow their heads (offer Nimaz). Some read Ved (Scriptures of Hindus), some read Kateb (Scriptures of semitic religions) Some wear blue robes and some white (3). Some say Muslim, some say Hindu. Some desire the Behashat (paradise of Muslims), some Swarag (heaven of Hindu s) (4). Says Nanak, who realises *Hukum (God's Will),* knows the mystery of the *Prabhu Sahib* (Master God) (5).

Shabad 9

صفحہ ۸۸۵ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

کوئی رام رام کہتا ہے (ساری کائنات میں رما ہوا، وہ ایودھیا کہ راجہ دسرتھ کے بیٹے رامچند رنہیں) ۔کوئی خدا کہتا ہے۔ کوئی گوسائیں (کائنات کا مالک) کہتا ہے۔کوئی اللہ کہتا ہے (۱) ۔تو سارے کاموں کا کرنے والا کریم (کرم کرنے والا) ہے۔تو رحم کرنے والا رحیم ہے (شبد کا مرکزی خیال) ۔کوئی زیارت گاہوں پر جا کر اشنان کرتا ہے۔کوئی حج کرنے جاتا ہے۔کوئی پوجا کرتا ہے کوئی سجدہ (نماز پڑھتا) کرتا ہے (۲) ۔کوئی وید پڑھتا ہے کوئی کتابیں (تورہ، بائبل، قرآن) پڑھتا ہے۔کوئی نیلے رنگ کے کپڑے پہنتا ہے۔کوئی سفید رنگ کے کپڑے پہنتا ہے (۳) ۔کوئی اپنے آپ کو مسلمان کہلاتا ہے کوئی اپنے آپ کو ہندو کہلاتا ہے۔کوئی بہشت کی خواہش کرتا ہے۔کوئی سورگ (ہندوؤں کی جنت) (۴) ۔نانک کہہ رہے ہیں کہ جس نے بھی پربھو صاحب (خدا) کا حکم (رضا مرضی) سمجھا ہے وہی اس کا بھید (اصلیت) بھی سمجھ سکتا ہے (۵)۔

شبد ۹

پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی صفحہ ۸۹۶۔۸۹۷

کارن کرن کریم۔

سرب پرتپال رحیم۔

اللہ الکھ اپار۔

خود خدائے وڈ بیشمار (۱)۔

اوم نمو بھگونت گوسائیں۔

خالق رور ہیا سرب ٹھائیں (رہاؤ)۔

جگناتھ جگ جیون مادھو۔

بھو بھجن رد ماہ ارادھو۔

رکھی کیس گوپال گووند۔

پورن سربتر مکند (۲)۔

آگے جاری.........

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 896-97**

You are *Kareem* (beneficent), causes of the cause. *Raheem* (merciful), cherisher of all beings. *Allah* the invisible and infinite. *Himself* is the *Khuda* (self-existent), great and immeasurable (1). *Om Namo* (obeisance unto the OM-God) *Bhagwanth Gosayeen* (the illustrious Lord of Earth). *Khaliq* (Creator - God) pervading in all beings and places (Theme of the Shabad). *Jagan Nath* (Lord of the universe), *Jag Jivan* (Life of the universe), *Madho* (master of wealth). *Bhavo Bhanjan* (destroyer of the fear). *Rikhikes* (director of sense organs), *Gopal* (sustainer of the world), *Govind* (master of the universe), perfect Omnipresent and the dispenser of emancipation (2).

Contd....

پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی صفحہ ۸۹۶۔۸۹۷

سارے کاموں کا کرنے والا تو کریم (کرم کرنے والا) ہے۔ ساری کائنات کی پرورش کرنے والا رحیم (رحم کرنے والا) ہے۔ اے اللہ، تو تحریر میں نہیں لایا جاسکتا تو لامحدود ہے۔ تو خود خدا (خود سے یعنی اپنے آپ سے) وجود میں آنے والا ہے۔ تو عظیم ہے تیری عظمت کا شمار نہیں کیا جاسکتا (۱)۔ اوم (خدا) نمو (سجدہ) کرتا ہوں اے بھگونت گوسائیں (کائنات کا مالک)۔ خالق (تخلیق کرنے والا۔ خدا) تو ہر چیز، جگہ اور ہر جاندار میں بسا ہوا ہے۔ (شبد کا مرکزی خیال)۔ تو جگن ناتھ (دنیا کا مالک)، جگ جیون (دنیا کو زندگی دینے والا)، مادھو (دولت کا مالک)، بھوبھجن (ڈر دور کرنے والا)، میں تجھے ہمیشہ دل سے یاد کرتا ہوں۔ رکھی کیس (حواس خمسہ کو کنٹرول کرنے والا)۔ گوپال (دنیا کی پرورش کرنے والا)۔ گووند (دنیا کا مالک)، تو مکمل طور پر ساری کائنات میں سمایا ہوا ہے۔ تو ہی مکند (نجات دہندہ) ہے (۲)۔

آگے جاری.........

صفحہ ۸۹۶۔۸۹۷ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

مہروان مولا توں ہی ایک۔
پیر پیغامبر شیخ۔
دلاں کا مالک کرے ہاک۔
قرآن کتیب تے پاک (۳)۔
نارائن نرہر دیال۔
رمت رام گھٹ گھٹ آدھار۔
باسدیو بست سبھ ٹھائیں۔
لیلا کچھ لکھی نہ جائے (۴)۔
مہر دیا کر کرنیے ہار۔
بھگت بندگی دیہہ سرجنٹر ہار۔
کہو نانک گر کھوئے بھرم۔
ایکو اللہ پار برہم (۵)۔

شبد ۳۴

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 896-97**

Meharwan Moula (merciful liberator) *You Alone.* Pir, Paighamber and Sheikh (spiritual guide, prophet and religious instructor). *Maalik* (master) of the hearts, the adjudicator of justice, more sacred and is not bound to the Quran and other Semitic Texts (3). *Narayan, Narhar* (man-lion), *Dayal* (merciful), *Ram* (all pervading not of Ayodhiya) source of every life. *Basudev,* (Luminous Lord) abides in all the places. *His* Wondrous Plays cannot be realised (4). O *Karnaihar* (Creator), extend *Your* kindness and compassion. *O Sirjanhar* (Creator), bless me with devotional service and meditation. Says Nanak, the Guru (spiritual guide) got rid of all doubts. *Allah* (Muslim's God) and *Parbraham* (Hindus transcendent God) are one and the same (5).

Shabad 34

پانچویں نانک شری گروارجن صاحب جی صفحہ۸۹۶۔۸۹۷

اے مولا (مددگار۔خدا) تو ہمیشہ مہربان ہے۔تو ایک ہی ہے۔تو ہی پیر ہے۔تو ہی پیغمبر ہے۔ تو ہی شیخ ہے۔دلوں کا مالک انصاف کرنے والا بھی تو ہی ہے۔قرآن اور ساری کتابوں سے بلند و پاک ہے(۳)۔نارائن (خدا) نرہر (انسان اور شیر کا مرکب)، دیال (رحیم)، سب میں رما ہوا رام (خدا) ہر زندگی کی بنیاد۔باسودیو (خدا)، ہر چیز اور ہر جگہ میں بسا ہوا ہے۔تیری کرامتیں بیان سے باہر ہیں (۴)۔اے کرنئے ہار (سارے کاموں کے کرنے والا) مہربانی کر رحم کر۔اے سرجنہ ہار (خالق۔خدا) اپنی بھگتی اور بندگی عنایت کر۔نانک کہہ رہے ہیں کہ مرشد نے میرے شکوک و شبہات دور کر دیئے ہیں اب مجھے معلوم ہو گیا ہے کہ اللہ اور پار برہم دراصل دونوں ایک ہی ہیں (۵)۔

شبد۳۴

صفحہ ۹۶۶ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

فریدا بھوم رنگاولی

منجھ وسولا باغ۔

جو نر پیر نواجیا

تنا انچ نہ لاگ (۱)۔

فریدا عمر سہاوڑی

سنگ لوونڑی دیہہ۔

ورلے کیئی پائیین

جنا پیارے نیہہ (۲)۔

شبد ۲۱

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 966**

Note:- The Gurus have adopted a code of conduct. With out interfering with the original text of Shri Guru Nanak Dev Ji and other contributors, wherever any confusion arose regarding the interpretation and explanation, the Gurus have compiled separate version in their own name and heading. And included both the original and explanatory versions in Shri Guru Granth Sahib. Guru Sahib's this stanza is to render an explanation of Hazrat Baba Sheikh Farid Ji's Shabad inscribed at other place under the heading of his name.

****

O Farid, beauteous garden is this world, within there are thorny weeds also. The person who is blessed (instructed) by the Pir (spiritual guide), pain and sorrow does not touch him. (1). O Farid, graceful is the age together with the beautiful body. Rare persons are found, who bear love to the *Piyare* (beloved - God) (2).

Shabad 21

صفحہ ۹۶۶ پانچویں نانک شری گروارجن صاحب جی

نوٹ: (شری گرونانک دیوجی اور دیگر گروؤں اور بھگتوں کا کلام ان کی اصل شکل وزبان میں درج کیا گیا ہے۔ لیکن جہاں شبہات پیدا ہونے کی گنجائش تھی اس کلام کو ہو بہو درج کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے نام اور عنوان سے اس کی مزید تشریح کی ہے۔ یہ کلام بھی حضرت بابا شیخ فرید گنج شکر کے کلام کی تشریح میں ہے۔ جو ان کے نام کے عنوان سے دوسری جگہ درج ہے)۔۔

☆ ☆ ☆ ☆

اے فرید، یہ دنیا ایک گلستان ہے جس میں کانٹے دار پودے بھی ہیں۔ جو انسان، پیرومرشد کی ہدایات پر عمل کرتا ہے اسے آگ کا سینک نہیں لگ سکتا (۱) ۔اے فرید، سہاونی عمر ہے اور ساتھ ہی بہت خوبصورت جسم بھی عطا کیا ہوا ہے۔ اس کے باوجود کسی کسی کو ہی اپنے پیارے (خدا) سے محبت نصیب ہوتی ہے۔۔ (۲)

شبد ۲۱

صفحہ ۹۶۶ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

محبت جس خدائے دی

رتا رنگ چلول۔

نانک ورلے پائیہہ

تس جن قیم نہ مول (۱)۔

اندر ودھا سچ نائے

باہر بھی سچ ڈھوم۔

نانک رویا بھھ تھائیں

ونٹر ترنٹر ترَبھونٹر روم (۲)۔

شبد ۲۲

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 966**

He who loves the *Khuda,* is imbued with the deep red colour (red colour is a symbol of joy and pleasure). Says Nanak, such persons are rarely found, their worth cannot be evaluated (1). The *Sachch Naaye* (True Name - God) has pierced within me, and I see outside also. Says Nanak, *He* is contained in all places, forests, vegetation, three worlds and even in every hair of the body (2).

Shabad 22

صفحہ ۹۶۶ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

جس کو اپنے خدا سے محبت ہوتی ہے وہ اُس کے گہرے لال رنگ (خوشی اور مسرت کا رنگ) میں رنگا ہوتا ہے۔ نانک کہہ رہے ہیں کہ کسی کسی کو ہی یہ نصیب ہوتا ہے جس کی قیمت کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا (۱)۔ میرے دل میں سچا نام (خدا) دھنسا ہوا ہے اور مجھے بھی ہر طرف سچ (خدا) ہی نظر آرہا ہے۔ نانک کہہ رہے ہیں کہ وہ ہر جگہ بسا ہوا ہے چاہے وہ جنگل ہو سارے پیڑ پودوں، تینوں جہاں اور حتیٰ کہ جسم کے روم روم میں (ہر روئیں میں) موجود ہے (۲)۔

شبد ۲۲

صفحہ ۱۰۱۹_۱۰۲۰ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

پاپ کرے وڑ

سر پر مٹھے۔

عزائیل پھڑے

پھڑ کٹھے۔

دوزخ پائے سر جھڑ ہارئیے

لیکھا منگیئے بانڑیا (۲)۔

سنگ نہ کوئی

بھیا بے با۔

مال جوبن دھن چھوڈ وینسا۔

کرنڑ کریم نہ جاتو کرتا

تل پیڑے جیوں گھانڑیا (۳)۔

خوش خوش لیندا وست پرائی۔

ویکھیے سنڑے تیرئیے نال خدائی۔

دنیا لب پائیا کھات اندر

اگلی گل نہ جانڑیا (۴)۔

شبد۲

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 1019-20**

Those who commit sins, are assuredly plundered. Azrail (Angel o f death) seizes and tortures them. The *Sirjanhar* (Creator - God) cast them into Dozaq (hell), when their accounts of life are adjudged (2). No brother or sister accompanies them. Leaving behind their property, youth and wealth march off. Those who do not realise *The Kind* and *Beneficent God,* shall be pressed like sesame in the oil-press (3). The *Khuda* is with you, *He* sees and hears you while happily and joyfully snatching others belongings. You have fallen into pit through worldly greed, and do not know the future consequences(4).

Shabad 2

صفحہ ۱۰۱۹-۱۰۲۰ پانچویں نانک شری گروارجن صاحب جی

گناہ کرنے والے شرطیہ سزا پائیں گے۔ عزرائیل فرشتہ پکڑ پکڑ کر اذیتیں پہنچائے گا۔ سرجنہار (خالق)بنیے کی مانند جب اعمال کے حساب کتاب کھولے گا تب دوزخ میں ڈالے گا (۲)۔کوئی بھائی بہن دوست احباب ساتھ نہیں آئیں گے۔ جوانی، جائیداد اور دھن دولت سب چھوڑ کر جانا پڑے گا۔ جو اپنے کرنہار کریم (سب کاموں کا کرنے والا کریم۔ خدا) کو نہیں جانے گا وہ تل کے بیجوں کی طرح تیل نکالنے والے کولہو میں پیسا جائے گا (۳)۔خدا ہمیشہ تیرے ساتھ ہے۔ وہ دیکھ رہا ہے اور سن رہا ہے۔ جب تو خوشی خوشی پرائی مال و دولت اور چیزیں ہڑپ کر رہا ہے۔تو دنیا کے لالچ کے گہرے گڑھے میں گر رہا ہے اور اپنے مستقبل کے بارے میں نہیں جانتا کہ تیرا کیا حشر ہونے والا ہے؟ (۴)۔

شبد ۲

صفحہ ۱۰۸۳۔۱۰۸۴ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

اللہ اگم خدائی بندے۔
چھوڈ خیال دنیا کے دھندے۔
ہوئے پیے خاک فقیر مسافر
ایہہ درویش قبول درا (۱)۔
سچ نواز یقین مصلیٰ۔
منسا مار نوار ہو آسا۔
دیہہ میت من مولانا
کلم خدائی پاک کھرا (۲)۔
شرع شریعت لے کماووہ
طریقت ترک کھوج ٹولاووہ۔
معرفت من مارو ابدالا
ملہو حقیقت جت پھر نہ مرا (۳)۔

آگے جاری.........

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 1083-84**

O Bande-I-*Khuda* (slave of God) and Boundless *Allah,* renounce the thoughts of the worldly affairs. In this world think yourself, a traveller, become the dust of the feet of the Faqir (divine person), such Darvesh (saint) is approved at the *God's Door* (1). Make truth your Nimaz (prayer) and faith your prayer-mat. Still your desire and overcome your hope. Make your body the mosque, your mind the Moulana (priest), your words genuinely pure as *Khuda's* words (2). Lead your life according to Sharah and Shariyat (religious condu ct). In accordance with Triqat make search of the *God.* O holy man, control your mind by *Marifat.* And meeting with the *God* is the *Haqiqat,* by which you shall not spiritually die again (3).

Contd.....

پانچویں نانک شری گروارجن صاحب جی صفحہ۱۰۸۳-۱۰۸۴

اے ہمیشہ قائم رہنے والے اللہ، خدا کے بندے۔ دنیاوی دھندوں کو چھوڑ۔ اپنے آپ کو اس دنیا میں مسافر سمجھ اور فقیر (پہنچے ہوئی روحانی بزرگ) کے قدموں کی خاک بن جا (پیروی کر) ایسا درویش اللہ تعالی کی بارگاہ میں قبول کیا جائے گا (۱)۔ سچ کو اپنی نماز بنا اپنے عقیدے کو مصلی بنا۔ اپنی خواہشات پر قابو رکھ۔ اور امیدیں مت لگائے رکھ۔ اس جسم کو مسجد بنا۔ اور اپنے من کو مولانا بنا۔ اور اپنے الفاظ کو پاک خدا کا کلام بنا (۲)۔ شرع اور شریعت کے مطابق زندگی گزار۔ طریقت کے مطابق اللہ تعالی کی کھوج کر۔ اے ابدالی (روحانی رہنما) اپنے من کو مارنا طریقت ہے اس طرح حقیقت (اللہ تعالی) سے مل تا کہ پھر تیری روحانی موت نہ ہو (۳)۔

آگے جاری.............

صفحہ ۱۰۸۳۔۱۰۸۴ پانچویں نانک شری گروارجن صاحب جی

قرآن کتب

دل ماہ کماہی۔

دس عورات

رکھو بد راہی۔

پنچ مرد صدق لے باندھووہ

خیر صبوری قبول پرا (۴)۔

مکہ مہر

روزہ پئیے خاکا۔

بھست پیر لفظ کمائے اندازہ۔

حور نور مشک خدایئیا بندگی اللہ آلا حجرہ ۔ (۵)

سچ کماوئے سوئی قاضی۔

جو دل سودھے سوئی حاجی۔

سو ملا ملعون نواریئے

سو درویش جس صفت دھرا (۶)۔

آگے جاری............

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 1083-84**

Practice the instructions of Quran and religious texts in your life. Restrain the ten women (sense organs) from wandering off into evil ways. Bind down the five men (lust, anger, greed, attachment and ego) with faith, ch arity and contentment and then you shall be approved (4). Make kindness y our Mecca, and dust of the feet of the saints your Roza (fasting). Deem the practice of the Prophet's word as heaven. *Khuda* the fairy, light and fragrance, *Allah's* meditation the sublime chamber of worship (5). He is Qazi, who practices truth. He is the Haji (pilgrim to Mecca), who disciplines his he art. He is Moulana (divine person), who overcomes evil and he is Darvesh (saint), whose only support is *God's Praise* (6).

Contd.....

پانچویں نانک شری گروارجن صاحب جی **صفحہ ۱۰۸۳۔۱۰۸۴**

قرآن اور دیگر مذہبی کتابوں کو دل میں بسا کر رکھ۔ دس عورات (پانچ حواس خمسہ باطن اور پانچ ظاہری) کو برے راستوں سے بچا کر رکھ۔ پانچ مرد (شہوت، غصہ، لالچ، دنیاوی لگاؤ اور تکبر) کو اپنے صدق، خیرات اور صبر سے باندھ کر رکھ۔ تب ہی اس کی بارگاہ میں قبول کیا جائے گا (۴)۔ رحم دلی کو مکہ بنا۔ روحانی بزرگوں کے قدموں کی خاک کا روزہ رکھ، پیروں کے ہدایات کو بہشت بنا۔ خدا کی خوشبو کو حور اور نور کی طرح محسوس کر اور اللہ تعالی کی بندگی کو عبادت کا کمرہ بنا (۵)۔ قاضی (انصاف کرنے والا) وہی ہے جو سچ بولے، جو دل کی صفائی کرتا ہے وہی حاجی ہے۔ ملا وہی ہے جو برے خیالات کو دل سے نکال دے۔ جو اللہ تعالی کی حمد و ثنا کو اپنا سہارا بنائے، وہی سچا درویش ہے (۶)۔

آگے جاری ....

پانچویں نانک شری گروارجن صاحب جی　　　صفحہ ۱۰۸۳۔۱۰۸۴

سکھے　وقت　سکھے　کر　ویلا۔

خالق　یاد　دلیئے　مہہ　مولا۔

تسبیح یاد کرو دس مردن　سنت سیل بندھان برآ (۷)۔

دل　مہہ　جانہو　سبھ　فی الحالا۔

خل　خانہ　برادر　ہموں　جنجالا۔

میر ملک امرسے فانا ییا　ایک مقام خدائے درا (۸)۔

اول　صفت　دوجی　صابوری۔

تیجے　حلیمی　چوتھے　خیری۔

پنجویے　پنجے　اکت　مقامیئے

یہ　پنج　وقت　تیرے　اپر　پرا (۹)۔

آگے جاری......

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 1083-84**

Remember *Khaliq* (creator) all the times and all the moments, and keep in mind the *Moula* (God). Make Tasbee (rosary) of controlling the ten sense organs, and circumcision the good conduct and great self-restraint (7). Bear in mind, that everything is but short-lived. The family, home and brothers all are entanglements. The kings, rulers and nobles are perishable. *Khuda's* Gate alone is the ever-stable place (8). The first prayer is the *Sifat* (praise of *God),* second contentment, third humility and fourth charity. The fifth prayer control the five desires (lust, anger, greed, attachment and ego) at one place, these are your exceedingly sublime five prayers (9).

Contd....

پانچویں نانک شری گروارجن صاحب جی **صفحہ ۱۰۸۳-۱۰۸۴**

ہر لحہ اور ہر وقت اپنے خالق مولا کو دل سے یاد کر۔ دس حواس خمسہ پر کنٹرول رکھنے کو تسبیح بنا کر اس کو یاد کر۔ نیک اعمال کو سنت بنا اور اپنے آپ پر قابو رکھ (۷)۔ دل میں یاد رکھ کہ یہ دنیا عارضی ہے۔ خاندان، بھائی اور مکان اس دنیا کے جھنجٹ ہیں۔ بادشاہ، حکمران اور امراء سب فانی ہیں۔ صرف ایک خدا کی بارگاہ ہی مستقل رہنے والا مقام ہے (۸)۔ تیری پہلی عبادت، اللہ تعالی کی حمد وثنا کر۔ دوسرے صبر وشکر رکھنا سیکھ۔ تیسرے طبیعت میں حلیمی پیدا کر۔ چوتھے خیرات کیا کر۔ پانچویں عبادت اپنے پانچوں حواس خمسہ کو ایک جگہ باندھ کر رکھ۔ یہ پانچوں وقت کی عبادت کیا کر جو سب سے اونچی ہے (۹)۔

آگے جاری......

صفحہ ۱۰۸۳۔۱۰۸۴ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

سکلی جان کرہو مودیفہ۔

بدعمل چھوڈ کرہو ہتھ کوجا۔

خدائے ایک بجھ دیوہ بانگا برگو برخوردار کھرا (۱۰)۔

حق حلال بخورہو کھانڑا۔

دل دریاؤ دھوہو میلانڑا۔

پیر پچھانڑنیے بھستی سوئی عزرائیل نہ دوج ٹھرا (۱۱)۔

کائیا کردار عورت یُقینا۔

رنگ تماشے مانڑ حقینا۔

ناپاک پاک کر ہدور حدیثا ثابت صورت دستار سرا (۱۲)۔

آگے جاری............

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 1083-84**

Make the knowledge of Presence of God Everywhere, your daily wor ships. Make the abandonment of evil deeds, your water-pot. The knowled ge that there is but *One Khuda,* is making a call for prayer, a trumpet of becoming good obedient child. (10). Eat the Haq Halal (rightly earned) food. Wash away your dirt of evil thoughts in the river of heart. Who follo ws the instructions of Pir (Prophet) is the man of paradise, otherwise do not blame Azrail that he has put into hell (11). Make good deeds your bod y and faith your bride. Revel in the joys of *True God's Love.* According to the Hadis (Scripture) wash out the mind of all dirt. Let the face be in original form and the turban on the head (A way of conferring honour) (12).

Contd....

پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی **صفحہ ۱۰۸۳-۱۰۸۴**

ہر طرف اللہ تعالی کی موجودگی کا وظیفہ پڑھ۔ برے اعمال چھوڑنے کو وضو کرنے کا لوٹا بنا۔ خدا کے ایک ہونے کو سمجھ۔ اور اس کی اذاں دے۔ اس طرح ایک سچا برخوردار بن (۱۰)۔ حق اور حلال کی روزی کما اور کھا۔ اپنے برے خیالات کو دل کے دریا میں دھو کر صاف کر۔ پیر و مرشد کی ہدایات کو سمجھ اور ان پر عمل۔ کر تب جنت میں جائے گا ورنہ عزرائیل کو دوزخ میں ڈالنے کا الزام مت دے (۱۱)۔ نیک کردار کو اپنا جسم اور دین میں عقیدے کو اپنی دلہن بنا۔ اللہ تعالی کی حقیقت کو سمجھنے کے رنگ تماشے بنا۔ حدیث کی ہدایات کی روشنی میں اپنی ناپاکی کو دور کر اور پاک بن اور سر اور چہرے پر بال رکھ اور سر پر دستار باندھ (۱۲)۔

آگے جاری............

صفحہ۱۰۸۳-۱۰۸۴ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

مسلمانڑ موم دل ہووے۔
انتر کی مل دل تے دھوویے۔
دنیا رنگ نہ آوئیے نیڑیے جیوں کسم پاٹ گھئیو پاک ہرا (۱۳)۔
جاں کو مہر مہر مہروانا۔
سوئی مرد مرد مردانا۔
سوئی شیخ مشائخ حاجی سو بندا جس نظر ترا (۱۴)۔
قدرت قادر کرنڑ کریماں۔
صفت محبت اتھاہ رحیماں۔
حق حکم سچ خدائیا بجھ نانک بند خلاص ترا (۱۵)۔
شبد۳

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 1083-84**

A Muslim is he, who is kind-hearted. He ought to clean his inner pollution from the mind. He shall not be effected by the worldly pleasures. He shall be revered as flower, silk, ghee and deerskin (13). He, on whom th e grace and compassion of the *Meharwan* (merciful master), is the manliest man amongst men. He is the Sheikh (Muslim preacher), Mashayeq (chief of Sheikhs) and Haji (pilgrim of Mecca) and he alone is Banda (God's slave) on w hom is the Grace of *Nara (God)* (14). *Khudarat* belongs to *Qaadar* (omnipotent - God) and kindness to the *Kareem* (Kind Master - God). Immeasurable are the praises and love of the *Raheem* (Merciful Master - God). Says Nanak, realise the True Will of the *True Khuda,* this shall release from the prison of the world and emancipate you (15).

Shabad 3

پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی صفحہ۱۰۸۳-۱۰۸۴

مسلمان وہی ہے جس کا دل موم جیسا ملائم ہو۔ باطن کا میل دل سے دھو کر صاف کرے۔ دنیاوی موج مستیوں کے رنگوں کے نزدیک نہ جائے۔ تب ہی پھول، ریشم، گھی اور ہرن کے چمڑے کے مانند پاک سمجھا جائے گا (۱۳)۔ جس کسی پر مہربان اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوتی ہے وہی مرد، سارے مردوں میں افضل مرد (انسان) ہوتا ہے۔ وہی بندہ جس پر نرا (خدا) کی نظر عنایت ہوتی ہے شیخ، مشائخ اور حاجی ہوتا ہے (۱۴)۔ قادر مطلق کی قدرت ہے کہ کریم، کرم کرتے رہتا ہے۔ لامحدود رحیم کی صفت وثنا کر اس سے محبت پیدا کر۔ نانک کہہ رہے ہیں کہ سچے خدا کے حکم کو برحق مان تب ہی نجات پائے گا (۱۵)۔

شبد۳

صفحہ ۱۱۳۶

پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

ورت نہ رہوں نہ مہہ رمدانا۔
تس سیوی جو رکھے ندانا (۱)۔
ایک گوسائیں اللہ میرا۔
ہندو ترک دوہاں نبیرا (رہاؤ)۔
حج کعبے جاوں نہ تیرتھ پوجا۔
ایکو سیوی اور نہ دوجا (۲)۔
پوجا کروں نہ نواج گجاروں۔
ایک نرنکار لے ردیئے نمسکاروں (۳)۔
نا ہم ہندو نہ مسلمان۔
اللہ رام کے پنڈ پران (۴)۔
کہو کبیر ایہو کیا وکھانا۔
گر پیر مل خود خصم پچھانا (۵)۔

شبد ۳

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 1136**

I do not practice fasting as Hindu nor I observe Roza (fasting a s Muslim) in the month of Ramzan. I serve only *Him* (God), who shall save me at the end (1). My *Gosayeen* (Master of Universe) and *Allah* are *One Alone. He* administers justice to both the Hindus and Muslims (Theme of the Shabad). Neither I go to worship at Tirath (pilgrim stations of Hindus) nor I perform Haj at Kaaba (pilgrim station of Muslims). I serve only the *One God* and not any other (2). Neither I perform Puja (Hindu way of worship), nor I offer Nimaz (Muslim way of worship). Taking the *Nirankar* (formless God) into my mind, I make obeisance (3). Neither I am a Hindu nor a Muslim. My body and soul belongs to *Allah* and *Ram* (all pervading not of Ayodhiya) (4). Kabir has also said this. On meeting with the Guru (spiritual guide of Hindus) and Pir (spiritual guide of Muslims), I myself have realised the *God* (5).

Shabad 3

صفحہ ۱۱۳۶ **پانچویں نانک شری گروارجن صاحب جی**

میں برت (ہندوؤں کی طرح) نہیں رکھتا اور نہ ہی رمضان میں روزے (مسلمانوں کی طرح) رکھتا ہوں ۔ میں صرف اس کی عبادت کرتا ہوں جو آخرت میں بھی میری سنبھال کرتا ہے (۱) ۔ میرا گوسائیں (دنیا کا مالک) اور اللہ ایک ہی ہے جو ہندووں اور مسلمانوں دونوں سے نپٹتا ہے (شبد کا مرکزی خیال) ۔ میں حج کرنے کے لیے کعبہ نہیں جاتا اور نہ ہی تیرتھوں پر پوجا کرنے کے لیے جاتا ہوں ۔ صرف ایک ہی کی عبادت کرتا ہوں اور کسی دوسرے کو نہیں جانتا (۲) ۔ میں نہ پوجا کرتا ہوں اور نہ ہی نماز پڑھتا ہوں ۔ ایک نرنکار (جس کی کوئی شکل و شباہت نہیں ہے ۔ خدا) کو دل سے سجدہ کرتا ہوں (۳) ۔ نہ میں ہندو ہوں اور نہ ہی مسلمان ہوں ۔ اللہ اور رام (سب میں بسا ہوا خدا ۔ راجہ دسرتھ کا بیٹا ایودھیا کا رامچند ر نہیں) کی جسم اور روح ہوں (۴) ۔ بھگت کبیر بھی یہی کہا کرتے تھے ۔ گرو اور پیر (ہندوؤں اور مسلمانوں کے مذہبی رہنما) سے مل کر خود ہم نے اپنے خدا کو پہچان لیا ہے (۵) ۔

شبد ۳

صفحہ ۱۱۳۷۔۱۱۳۸

پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

خوب خوب خوب خوب خوب تیرو نام۔
جھوٹھ جھوٹھ جھوٹھ جھوٹھ دنی گمان (رہاؤ)۔
نگج تیرے بندے دیدار اپار۔
نام بناء سبھ دنیا چھار (۱)۔
اچرج تیری قدرت تیرے قدم صلاح۔
غنیو تیری صفت سچے پاتشاہ (۲)۔
نی دھریا دھر پنہہ خداسے۔
غریب نواز دن رینٹر دھیائے (۳)۔
نانک کو خود خصم مہروان۔
اللہ نہ وسرے دل جی پران (۴)۔
شبد ۱۰

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 1137-38**

Excellent, Excellent, Excellent, Excellent, Excellent is *Your Name.* False, False, False, False is the worldly love (Theme of the Shabad). O *Apaar* (Infinite - God), *Your* Bande (slaves) are invaluable beauteous. Without the *Name,* the whole world is but ashes (1). Wondrous is *Your Khudarat* and praise worthy are *Your Feet.* O *Sachche Patshah* (true king), *Your Sifat* (praise) is priceless (2). *Khuda's* protection is support of the unprotected. Day and night meditate on the *Ghareeb Niwaz* (Patron of the poor - God) (3). *God Himself* is merciful unto Nanak. Let me not forget *Allah,* from my mind, soul and life (4).

Shabad 10

پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی **صفحہ ۱۱۳۷-۱۱۳۸**

اے اللہ تعالیٰ، تیرے نام بہت خوب ہیں خوب ہیں، خوب ہیں، بہت ہی خوب ہیں۔ دنیاوی محبت جھوٹ ہے جھوٹی ہے اور جھوٹی یعنی عارضی ہے (شبد کا مرکزی خیال)۔ اے اپار (لامحدود خدا) تیرے عبادت گزار بندے بے انتہا خوبصورت ہیں۔ نام (خدا کے) کے بنا یہ دنیا سب راکھ کی مانند ہے (۱)۔ تیری قدرت تعجب خیز ہے تیرے قدم بھی صلاح کرنے جیسے ہیں۔ اے سچے پاتشاہ (سچا بادشاہ خدا) تو غنی صفت ہے (۲)۔ اے خدا تیری پناہ بے سہاروں کا سہارا ہے۔ تو غریب نواز ہے۔ میں دن رات تیری یاد میں محو رہتا ہوں (۳)۔ خود خدا نانک پر مہربان ہے۔ میرے دل، دماغ، روح اور زندگی سے اللہ تعالیٰ کو مت بھلانے دے (۴)۔

شبد ۱۰

صفحہ ۱۳۸۳ پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی

فریدا کنت رنگاولا وڈا وے محتاج۔
اللہ سیتی رتیاں ہو یہہ سچاواں ساج (۱۰۸)۔
فریدا دکھ سکھ اک کر دل تے لایہہ وکار۔
اللہ بھاوئے سو بھلا تاں لبھی دربار (۱۰۹)۔
فریدا دنی وجائی وجدی توں بھی وجہہ نال۔
سوئی جیو نہ وجدا جس اللہ کردا سار (۱۱۰)۔
فریدا دل رتا اس دنی سیوں دنی نہ کتئے کم۔
مثل فقیراں گاکھڑی سو پایئے پور کرم (۱۱۱)۔

5th Nanak Shri Guru Arjan Sahib Ji **Page 1383**

Note:- The Gurus have adopted a code of conduct. With out interfering with the original text of Shri Guru Nanak Dev Ji and other contributors, wherever any confusion arose regarding the interpretation and explanation, the Gurus have compiled separate version in their own name and heading. And included both the original and explanatory versions in Shri Guru Granth Sahib. Guru Sahib's this stanza is to render an explanation of Hazrat Sheikh Farid Ji's Shabad inscribed at other place under the heading of his Name.

****

O Farid, my *Kant (God)* is joyful and great self-dependent. To be imbued with the *Allah,* is the most befitting decoration (108). O Farid, deem pain and pleasure as the same and banish sin from you mind. Whatever pleases *Allah,* that is good. Then alone attain the *Darbar* (God's Court) (109). O Farid, the world dances as the devil mak es it to dance and you too dance. That person alone does not dance to his tune, who is under the care of *Allah* (110). O Farid, the mind is imbued with this world, but the world is of no avail. It is difficult to live like a Faqir (saint). This position is obtained only through perfect deeds (111).

صفحہ۱۳۸۳ **پانچویں نانک شری گرو ارجن صاحب جی**

نوٹ: (شری گرو نانک دیو جی اور دیگر گروؤں، صوفیوں اور بھگتوں کا کلام ان کی اصل شکل اور زبان میں درج کیا گیا ہے۔لیکن جہاں شبہات پیدا ہونے کی گنجائش تھی اس کلام کو ہو بہو درج کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے نام اور عنوان سے اس کی مزید تشریح کی ہے۔ یہ کلام بھی حضرت بابا شیخ فرید گنج شکرؒ کے کلام کی تشریح میں ہے جو ان کے نام کے عنوان سے دوسری جگہ درج ہیں۔)

☆☆☆☆☆☆

اے فرید، میرا کنت (خدا) خوشیوں کے رنگوں سے بھرا ہوا ہے اور بہت عظیم ہے وہ کسی کا محتاج نہیں ہے(۱۰۸)۔اے فرید، دکھ اور سکھ کو ایک برابر سمجھ اور دل سے برے خیالات کو دور کر۔اللہ تعالی جو تیرے لیے کرتا ہے اس میں اپنی بھلائی سمجھ۔اس کی رضاء میں رہو۔تب ہی اس کی بارگاہ میں فیضیاب ہوگا(۱۰۹)۔اے فرید، شیطان اس دنیا کو جس طرح نچا رہا ہے وہ ناچ رہے ہیں اور تو بھی ان کے ساتھ ناچ رہا ہے۔وہی انسان نہیں ناچتا ہے جس کو اللہ تعالی اپنی پناہ میں رکھتا ہے(۱۱۰)۔اے فرید، انسان اس دنیا کے رنگ رلیوں میں پھنسا ہوا ہے۔لیکن یہ دنیا اس کے کسی کام آنے والی نہیں ہے۔فقیروں (مذہبی رہنماؤں) کے جیسی زندگی گزارنا آسان نہیں ہے۔جس کے اچھے اعمال ہو اسی کو یہ مرتبہ حاصل ہوتا ہے (۱۱۱)۔

حضرت بابا شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر

(ولادت ۱۱۷۵ء۔ رحلت ۱۲۶۵ء)

صفحہ ۴۸۸ حضرت بابا شیخ فرید جی

دلہو محبت جن سیئی سچیا۔
جن من ہور مکھ ہور سے کانڈھے کچیا (۱)۔
رتے عشق خدائے رنگ دیدار کے۔
وسریا جن نام تے بھئے بھار تھئیے (رہاؤ)۔
آپ لیئے لڑ لائے در درویش سے۔
تن دھن جنڑیدی ماؤ آئے سپھل سے (۲)۔
پرودگار اپار اگم بے انت توں۔
جنا پچھاتا سچ چماں پیر موں (۳)۔
تیری پنہہ خدائے توں بخشندگی۔
شیخ فریدئے خیر دیجئے بندگی (۴)۔
شبدا

Hazrat Baba Sheikh Farid Masood Gunj-I-Shakar
(Came 1175 - Left 1265)

Hazrat Baba Sheikh Farid Ji **Page 488**

Those who have heart felt love for the *God,* are the true persons. Those who have one thing in heart (evil thoughts) and another in their mou th (prayers) are accounted as false (1). Those who are imbued with the love of *Khuda,* remain delighted visualising *His Image.* Those who forget *God's Name* become a burden on the earth (Theme of the Shabad). The Darvesh (divine) at *His Gate* are those, whom the *God Himself* holds. Blessed are their mothers who bore them and fruitful is their coming into this world (2). O *Parvadigar, You* are illimitable, inaccessible and infinite. Those who realises *Sachch* (True God), I shall kiss their feet (3). I seek *Your* refuge, O *Forgiving Khuda.* Bless Sheikh Farid with the Bounty of *Your Meditation* (4).

Shabad 1

حضرت بابا شیخ فرید جی صفحہ ۴۸۸

جن کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت ہے وہی سچے انسان ہیں۔ جن کے من میں کچھ اور (برے خیالات) ہو اور زبان پر کچھ اور ہو (یعنی عبادت ہو) تو وہ جھوٹے انسان سمجھے جائیں گے (۱)۔ جو خدا کے عشق میں رنگے ہوئے ہیں وہ اس کے تصور کے خیالات میں ڈوبے رہتے ہیں اور جو اس کا نام بھلا دیتے ہیں وہ زمین پر بوجھ ہیں (شبد کا مرکزی خیال)۔ اس کی بارگاہ میں وہی درویش سمجھے جائیں گے جن کو وہ خود اپنے سے جوڑ لیتا ہے ۔ قابل مبارکباد ہے وہ ماں جو انہیں جنم دیتی ہے اور ان کا بھی اس دنیا میں آنا کامیاب ہے (۲)۔ اے پرودگار، تو لامحدود، دائمی قائم رہنے والا اور ہماری پہنچ سے بہت دور ہے۔ جس کسی نے بھی سچ (خدا) کو پہچان لیا ہے میں اس کے قدم چوم لوں گا (۳)۔ اے خدا، میں تیری پناہ میں ہوں تو بخشش کرنے والا ہے۔ شیخ فرید التجا کرتا ہے کہ اپنی بندگی کی خیرات دے (۴)۔

شبد ۱

صفحہ ۴۸۸ حضرت بابا شیخ فرید جی

بولیئے شیخ فرید پیارے اللہ لگے۔
یہہ تن ہوسی خاک نمانڑی گور گھرے (۱)۔
آج ملاوا شیخ فرید ٹاکم کونجڑیاں منھو منچڈیاں (رہاؤ)۔
جے جانڑا مرجایئے گھم نہ آیئے۔
جھوٹی دنیا لگ نہ آپ ویڼیائی ایئے (۲)۔
بولیئے سچ دھرم جھوٹ نہ بولیئے۔
جو گر دسیئے واٹ مریدا جولیئے (۳)۔

☆

چلے چلٹر ہار وچارا لیئیے منو۔
گنڈھیدیاں چھیہ ماہ تڈندیاں ہک کھنو (۷)۔
شبد ۲

Hazrat Baba Sheikh Farid Ji **Page 488**

Says Sheikh Farid, O my dear friend, attach yourself to *Allah.* This body shall become dust and its home shall be the humble grave (1). Just to day the *God* can be met O Sheikh Farid, if you restrain your swallows of desires, which burn your mind (Theme of the Shabad). If I realise that I shall die and not return again, I would not have ruined myself by clinging to the false world (2). Tell the Truth Dharam (righteous), and do not speak falsehood. O Farid, follow the path that the Guru (spiritual guide) shows (3).

****

Bear in mind, this transitory human body passes away. It takes s ix months to take form this body in mother's womb, but for breaking up, it takes a moment (7).

Shabad 2

حضرت بابا شیخ فرید جی **صفحہ ۴۸۸**

شیخ فرید کہہ رہے ہیں کہ اے میرے پیارے دوست اپنے آپ کو اللہ تعالی سے جوڑ کر رکھ۔ یہ جسم خاک ہونے والا ہے۔ اور قبر ہی تیرا گھر بننے والا ہے (۱)۔ اے شیخ فرید، آج ہی خدا سے ملا جا سکتا ہے اگر تو اپنے من سے خواہشات کو جلا دے (شبد کا مرکزی خیال)۔ اگر میں یہ جان جاؤں کے مجھے مرنا ہے اور پھر اس دنیا میں آنا نہیں ہے تب اس دنیاوی جھوٹ میں پھنس کر میری زندگی برباد نہیں ہوتی (۲)۔ ہمیشہ سچ دھرم (دھرم کا ترجمہ برحق ہے مذہب نہیں ہے) ہی بولا کیجئے کبھی جھوٹ مت بولیئے۔ اے فرید، اس راستہ پر چل جو گرو (مرشد) دکھلائے (۳)۔

☆

یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کرلے کہ جسم فانی ہے باقی رہنے والا نہیں ہے۔ ماں کے پیٹ میں شکل اختیار کرنے کے لیے اسے چھ (۶) مہینے لگ گئے لیکن اس کو فناء ہونے کے لیے ایک لمحہ کافی ہے (۷)۔

شبد ۲

صفحہ ۱۳۸۱ حضرت بابا شیخ فرید جی

فریدا بے نواجا کتیا یہ نہ بھلی ریت۔
کب ہی چل نہ آییا پنجے وقت میت (۷۰)۔
اٹھ فریدا وضو ساج صبح نواج گزار۔
جو سر سائیں نا نویئے سو سر کپ اتار (۷۱)۔
جو سر سائیں نہ نوئے سو سر کیجے کائیں۔
کنے پیٹھ جلایئے بالنڑ سندیئے تھائیں (۷۲)۔
فریدا کتھیے تینڈے ماپیا جنی توں جنڑیوہ۔
تیئے پاسوہ اوئے لدگئے توں اجیئے نہ پتینڑوہ (۷۳)۔
فریدا من میدان کر ٹوئے ٹبے لاہ۔
اگیئے مول نہ آوسی دوزخ سندی بھاھ (۷۴)۔

Hazrat Baba Sheikh Farid Ji **Page 1381**

O Be Nimazi (prayer-less) dog, this is not a proper way of life. You never come to the mosque for offering five times prayers (70). Get up O Fa rid, perform ablution and offer morning Nimaz. The head, which does not bow to the *Sayeen* (Master - God), chop it off and remove (head of the self and not of others) (71). What is to be done with such a head, which does not bow to the *Sayeen?* Burn it under the earthen pot, in place of firewood (72). O Far id, where are your parents, who gave birth to you. In front of you they have departed, even then you are not convinced that you too shall die (73). O Farid, make your mind a plain level ground, and even up its hollows and heaps of worldly affairs. The fire of hell shall never approach you thereafter (74).

صفحہ ۱۳۸۱ حضرت بابا شیخ فرید جی

اے بے نمازی کتے ، یہ کوئی اچھا طرز زندگی نہیں ہے کہ کبھی پانچ وقت نماز کے لیے مسجد نہ آسکا (۷۰)۔ اے فرید، اٹھ اور وضو کر صبح کی نماز پڑھ۔ جو سر، گوسائیں (خدا) کے سجدہ میں نہیں جھکتا اسے کاٹ کر پھینک دے (اپنا سر دوسروں کا نہیں) (۷۱)۔ اس سر کا کیا مصرف ہے جو سائیں کے سامنے سجدہ نہ کرے۔ گھڑے کے نیچے آگ جلانے کے لیے لکڑی کے بجائے چولہے میں لگا (۷۲)۔ اے فرید، تیرے ماں باپ کہاں ہیں جنہوں نے تجھے پیدا کیا۔ تیرے سامنے ان کا انتقال ہوگیا ہے لیکن تو پھر بھی تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں ہے کہ تو بھی مر جائے گا (۷۳)۔ اے فرید، اپنے من کو میدان (مسطح) کر اس دنیا کے جھنجٹوں کے اونچے نیچے ٹیلہ اور گڑھے ایک برابر کر صاف کردے۔ آگے دوزخ کی آگ تیرے قریب نہیں آئے گی (۷۴)۔

صفحہ ۱۳۸۲ حضرت بابا شیخ فرید جی

فریدا برے دا بھلا کر

غصہ من نہ ہنڈائے۔

دیہی روگ نہ لگئی

پلیئے سب کچھ پائے (۷۸)۔

فریدا پنکھ پراہنڑی

دنی سہاوا باغ۔

نوبت وجی صبح سیوں

چلنڑ کا کر ساج (۷۹)۔

☆

میں جانیا دکھ مجھ کو

دکھ سبایئے جگ۔

اوچے چڑھ کیئے دیکھیا

تاں گھر گھر ایہا اگ (۸۱)۔

Hazrat Baba Sheikh Farid Ji **Page 1382**

O Farid, do well for evil and do not harbour anger in your mind. No disease shall catch your body and you can obtain whatever you want for y ourself (78). O Farid, the soul-bird is a guest in the beauteous garden of wor ld. When the drum of the morn beats and sun rises, prepare yourself to fly (7 9).

****

I thought I alone was in trouble, but the whole world is in trou ble. When I climb up on housetop and looked around, then I found the same fi re is burning in every house (81).

صفحہ ۱۳۸۲ حضرت بابا شیخ فرید جی

اے فرید، جو تیرے ساتھ برا کرتا ہے تو اس کا بھی بھلا کر۔ اپنے من میں غصہ مت آنے دے۔ تیرے جسم کو کوئی بیماری نہیں لگے گی اور جو تو چاہتا ہے وہ سب کچھ پا سکتا ہے (۷۸)۔ اے فرید، تیری روح کا پرندہ اس دنیا کے سہانے باغ میں ہے۔ جب صبح ہونے کی نوبت بجے گی (سورج طلوع ہوگا) اڑنے کی تیاری کر (۷۹)۔

☆

میں سمجھتا تھا کہ دکھ صرف مجھے ہی ہے لیکن ساری دنیا دکھی ہے۔ جب میں نے گھر کی چھت پر اونچے چڑھ کر دیکھا کہ ہر گھر میں یہ دکھ کی آگ لگی ہوئی ہے کوئی اس سے بچا نہیں ہے (۸۱)۔

صفحہ ۱۳۸۳ حضرت بابا شیخ فرید جی

ساڈھے ترےئے منٹر دیہری

چلیئے پانٹری ان۔

آئیو بندہ دنی وچ

وت آلونٹری بن۔

ملک الموت جاں آوسی

سبھ درواجے بھن۔

تنا پیاریاں بھائیاں

اگیئے دتا بن۔

ویکھوہ بندہ چلیا

چھوہ جنڑیاں دیئے کن۔

فریدا عمل جے کیتے دنی وچ

درگاہ آئے کم (۱۰۰)۔

Hazrat Baba Sheikh Farid Ji **Page 1383**

The body of three and a half maunds (measure of weight), lives on water and grain. Man came into the world carrying loads of hope. When th e Malkalmout (Angel of death) comes, he breaks open all the doors. He takes away the life, before the eyes of dear brothers. See the Banda (person) is goi ng on the shoulders of four persons. O Farid, only the good deeds done in this world, would be of avail to him before the *Dargah* (God's Court) (100).

صفحہ ۱۳۸۳ **حضرت بابا شیخ فرید جی**

ساڑھے تین من (وزن کا ایک پیمانہ) کا یہ جسم اناج اور پانی پر زندہ ہے ۔ بندہ اس دنیا میں ڈھیروں امیدوں کی گٹھری بندھ کر آیا ہے ۔ جب ملک الموت سارے دروازے توڑ کر آئے گا تب اپنے پیارے رشتہ داروں اور بھائیوں کے سامنے روح قبض کر لے جائے گا ۔ دیکھو بندہ چار آدمیوں کے کندھے پر چلے جا رہا ہے ۔ اے فرید ، دنیا میں تیرے کئے ہوئے اعمال ہی اللہ تعالی کے بارگاہ میں کام آئیں گے (۱۰۰)۔

بھگت نامدیو جی

(ولادت ۱۲۷۰ء۔ رحلت ۱۳۵۰ء)

صفحہ ۷۲۷ بھگت نامدیو جی

میں اندھلے کی ٹیک تیرا نام خوندکارا۔
میں غریب میں مسکین تیرا نام ہے ادھارا (اہاؤ)۔
کریماں رحیماں اللہ توں غنی۔
حاضرا حضور درپیش توں منی (۱)۔
دریاؤ توں دہند توں بسیار توں دھنی۔
دیہہ لیہہ ایک توں دگر کو نہیں (۲)۔
توں دانا توں بینا میئے بچار کیا کریں۔
نامے چے سوامی بخشند توں ہری (۳)۔

شبدا

Bhagat Namdev Ji
(Came 1270 - Left 1350)

Bhagat Namdev Ji **Page 727**

O *Khundkar* (Persian word - Master - God), *Your Name* is the mainstay for me the blind. I am poor, I am meek, *Your Name* is only my support (Theme of the Shabad). O *Allah, You are Kareem* (Bounteous), *Raheem* (Merciful) and *Ghani* (wealthy - one of the 99 names of Allah in Quran). You are ever present within and before me. You are the river, giver and exceedingly wealthy . *You Alone* gives and takes, none other (2). *You* are wise, *You* are foresighted, what concept can I form of *You?* O *Swamy* (Master - God) of Namdev, *You* are the Pardoner O *Hari* (All Pervading God) (3).

Shabad 1

صفحہ ۷۲۷ بھگت نامدیو جی

اے خوندکار (مالک ۔ خدا) تیرا نام ہی مجھ اندھے کے سہارے کی لاٹھی ہے ۔ میں غریب ہوں، مسکین ہوں ۔ تیرے نام پر ہی بھروسہ کرتا ہوں ۔ (شبد کا مرکزی خیال) ۔ اے اللہ، تو کریم ہے، تو رحیم ہے تو غنی (دولت مند ۔ قرآن میں آئے اللہ کے ۹۹ ناموں میں سے ایک) ہے ۔ تو ہر جگہ حاضر ناظر ہے اور میرے سامنے بھی موجود ہے (۱) ۔ تو دریا ہے، دینے والا بھی تو ہی ہے ۔ تو بہت ہی دولت مند ہے ۔ تو ہی دینے اور واپس لینے والا ہے ۔ تیرے علاوہ کوئی دوسرا نہیں ہے (۲) ۔ تو دانشمند ہے، تو دور اندیش ہے، میں تیرے بارے میں کیا سوچ سکتا ہوں؟ اے سوامی (مالک ۔ خدا)، نامے (نامدیو کو) کو بخشنے والا بھی ہری (خدا) تو ہی ہے (۳) ۔

شبد ۱

بھگت شیخ کبیر جولاہہ قدس سرہ

(ولادت ۱۳۹۸ء۔ رحلت ۱۴۹۵ء)

صفحہ ۳۴۰ بھگت کبیر جی

اللہ لہو تو کیا کہوں کہوں تہ کو اپکار۔
بٹک بیج مہ رو رہیو جاں کو تین لوک بستھار (۳)۔
اللہ لہختا بھید چھپئے کچھ کچھ پائیو بُھید۔
الٹ بھید من بیدھیو پائیو ابھنگ اچھید (۴)۔
ترک طریقت جانیئے ہندو بید پران۔
من سمجھاون کارنے کچھو اک پڑھیئے گیان (۵)۔
اونکار آد میں جانا۔
لکھ ار میٹیئے تانہہ نہ مانا۔
اونکار لکھیئے جو کوئی۔
سوئی لکھ میٹڑا نہ ہوئی (۶)۔

Bhagat Sheikh Kabir Jolaha Quddisa Sirra-hu
(Came 1398 - Left 1495)

Bhagat Kabir Ji **Page 340**

If I approach *Allah,* what shall I say then? By uttering *His Praises,* what is the good I am doing unto *Him?* Who is spread all over in the three worlds, is also contained in a smallest seed of banyan-tree (3). Who knows the *Allah* and understands *His* secret even a little, for him feeling of separation disappears. He turns away from the world, his mind is pierced through the secret and obtains the Indestructible and Impenetrable *God* (4). The Muslims follow the rituals of Tariqat, and Hindus follow the rituals of Vedas and Puranas (Scriptures). To instruct the mind one has to study the divine knowledge to some extent (5). I understood the *Primal Onkar* (The Primal All-Pervading God, who is source of everything - Earlier than Him nothing existed). I do not believe in them, whom *He* writes and erases (Creates and Destroys). If someone believes in *Onkar,* he shall not believe others who takes birth and die (6).

بھگت کبیر جی **صفحہ ۳۴۰**

اگر میں اللہ تعالیٰ تک پہنچ بھی جاؤں تب کیا کہوں گا؟ اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے تو کون سا احسان (دوسرا کام) ہوگا۔ جو تینوں جہانوں میں پھیلا ہوا ہے اور بڑ کے درخت کے چھوٹے سے بیج میں بھی موجود ہے (۳)۔ جو اللہ تعالیٰ کے رمز کو تھوڑا بہت بھی جان لیتا ہے اس سے جدائی کا احساس ختم ہو جاتا ہے۔ وہ دنیاوی جھنجھٹوں سے اوپر اٹھ جاتا ہے اور اس کے دل میں اللہ تعالیٰ بس جاتا ہے۔ اس طرح وہ ابھنگ (جس کو فنا نہیں ہے) اچھید (جس میں سوراخ نہیں کیا جا سکتا ہمیشہ قائم رہنے والا) اللہ تعالیٰ کو پالیتا ہے (۴)۔ مسلمان طریقت کے مطابق مذہبی رسومات ادا کرتے ہیں اور ہندو ویدوں اور پرانوں (مذہبی کتب) کے مطابق مذہبی رسومات ادا کرتے ہیں۔ لیکن دل کو سمجھانے کے لیے کچھ روحانی تعلیمات کا علم حاصل کرو گے تب ہی اس کا مفہوم سمجھ میں آئے گا (۵)۔ میں نے آدا اونکار (سب میں سمائے ہوئے اللہ تعالیٰ کو جن سے پہلے کوئی نہیں تھا) کو جان لیا ہے۔ میں ان کو نہیں مانتا جن کو اللہ تعالیٰ لکھتا اور میٹتا ہے یعنی پیدا کرتا اور فنا کرتا ہے۔ اگر کوئی اونکار پر عقیدہ رکھتا ہے پھر وہ دوسرے پیدا ہونے اور مرنے والوں پر اعتقاد نہیں کرتا (۶)۔

صفحہ ۴۸۰ بھگت کبیر جی

ہم مسکین خدائی بندے تمرا جس من بھاوے۔
اللہ اول دین کو صاحب جور نہیں فرماویۓ (۱)۔
قاضی بولیا بن نہیں آویۓ (رہاو)۔
روزہ دھرے نواج گجاریۓ کلمہ بھست نہ ہوئی۔
ستر کعبہ گھٹ ہی بھیتر جسے کر جانیے کوئی (۲)۔
نواج سوئی جو نیاؤ بچاریۓ کلمہ عقلہہ جانیۓ۔
پانچوں مس مصلیٰ بچھاویۓ تب تو دین پچھانیۓ (۳)۔
خصم پچھان ترس کر جی مہہ مارمنڑی کر پھیکی۔
آپ جنایۓ اور کو جانیے تب ہوۓ بھست شریکی (۴)۔
کہیۓ کبیر بھست چھوڑ کر دوزخ سیوں من مانا (۵)۔

شبد ۴

Bhagat Kabir Ji **Page 480**

I am humble slave of *Khuda, Your Praise* is pleasing unto my mind. The *Primal Allah* is the *Sahib* (Master) of the poor; *His* command is not to oppress the weak (1). O Qazi, it is vain to argue before *Him* (Theme of the Shabad). By keeping Roza, offering Nimaz and uttering Kalma you cannot go to the heaven. If one could realise, the Holy Kaaba is hidden in the mind and soul (2). To administer justice, is like offering of Nimaz. To realise th e *God,* is like uttering the Kalma. To slay the five desires (lust, anger, greed, attachment and ego) is like spreading prayer mat, that is the realisation of De en (religion) (3). Know your *God*, have compassion for living beings and still your ego and make it worthless. *Know* (God) yourself, and make others realise, and then alone you shall become the partner in the heaven (4). The clay is one, but it has assumed diverse forms. In them all, I have recognised the *Braham* (God). Says Kabir, I have given up the thought of heaven, and reconciled myself to the hell (5).

Shabad 4

صفحہ ۴۸۰ **بھگت کبیر جی**

ہم ایک مسکین خدائی بندے ہیں۔تمہاری (خدا) حمد وثنا میرے من کو بہت بھاتی ہے۔ اول اللہ (اللہ سے پہلے کوئی نہیں تھا) غریبوں کا مالک، اس کا فرمان ہے کہ زور زبردستی مت کرو (۱)۔قاضی (انصاف کرنے والا) کے سامنے التجا کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے (شبد کا مرکزی خیال)۔محض روزہ رکھ لینے اور نماز اور کلمہ پڑھ لینے سے کوئی بہشت نہیں چلے جاتا۔اگر کوئی جاننے کی کوشش کرے تب مقدس کعبہ اس کو ذہن اور روح میں ہی نظر آئے گا (۲)۔سچا انصاف کرنا، نماز ادا کرنے کے برابر ہے۔عقل سے کلمہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ کو جانے۔پانچوں عیبوں (شہوت، غصہ، لالچ، رغبت اور تکبر) کو ختم کرنا مانو، اس کا مصلیٰ بچھانا ہے۔ تب ہی دین (مذہب) کو پہچان سکے گا (۳)۔اپنے خدا کو پہچان اور ہر جاندار پر رحم کر اپنے غرور کو ختم کر دے۔اپنے خدا کو خود پہچانے اور دوسروں کو پہچاننے میں مدد کرے تب ہی تو بہشت میں شریک ہوگا (۴)۔ایک ہی مٹی کی مختلف شکلیں (جاندار) ہیں۔ ان سب میں برہم (خدا) کے وجود کو سمجھ۔کبیر کہہ رہے ہیں میں نے بہشت کی امید چھوڑ کر دوزخ سے ہی اپنا من لگا لیا ہے (جنت اور دوزخ سے پرے ہو گیا ہوں) (۵)۔

شبد۴

صفحہ۴۸۳ بھگت کبیر جی

روزہ دھریئے مناویئے اللہ
سوادت جی سنگھاریئے۔
آپا دیکھ اور نہیں دیکھئے
کاہے کو جھک ماریئے (۱)۔
قاضی صاحب ایک تو ہی میں تیرا
سوچ بچار نہ دیکھئے۔
خبر نہ کرنہہ دین کے بورے
تاں تے جنم الیکھئے (رہاؤ)۔
ساچ کتیب بکھانیئے اللہ
نار پرکھ نہیں کوئی۔
پڑھے گنے ناہیں کچھ بورے
جو دل مہہ خبر نہ ہوئی (۲)۔
اللہ غیب سگل گھٹ بھیتر ہردیئے لیہو بچاری
ہندو ترک دہوں میں ایکیئے
کہیئے کبیر پکاری (۳)۔

شبد۷

Bhagat Kabir Ji **Page 483**

You keep fasts to please *Allah,* for relishes kill the lives. You consider your own interest, and do not think about others, what for this prate? (1). O Qazi, *Alone Sahib* (Master - God) is within yourself, but you do not think and reflect. O mad, you do not follow your Deen (religion), and are wasting y our life (Theme of the Shabad). The Kateb (Muslim Scripture) tells the truth, that *Allah* is neither a man nor a woman. O mad, what is the use of reading and reflecting, unless understanding is not developed (2). The *Allah* is pervading in every heart, reflect this in your mind. Kabir announces loudly, that the *Alone* (God) is within both Hindus and Muslims (3).

Shabad 7

بھگت کبیر جی صفحہ۴۸۳

